Scanned by CamScanner

عمل جدائی

اگر منظور ہے کہ درمیان دو شخصوں کے جدائی ہو جاوے تو چاہیے کہ درمیان دو قبروں بیٹھ کر یہ آیت پڑھے اور اس نقش کو سامنے رکھے یہ عمل پورا اکیس روز تک بلا ناغہ دوپہر بارہ بجے کے قریب کرتا رہے۔ مجرب ہے۔ آیت و طلسم یہ ہے۔

والقینا	بینھم	العداوۃ	والبغضاء
بینھم	العداوۃ	والبغضاء	الی
العداوۃ	والبغضاء	الی	یوم
والبغضاء	الی	یوم	القیمۃ

طلسم نفاق

۲۵	۲۱	۲۲	۲۱	۵۵	۹
۸	۵۱	۶۴	۹۳	۷۵	۷
۴۲	۷	۶	ع	ھ	۹۳

اس طلسم کو لکھ کر دھو کر دو ذاتوں کو جن میں غیر شرع میل و ملاپ ہو پلا دیں۔ بحکم خدا قیامت تک دشمنی رہے گی۔

طلسم یہ ہے۔

Scanned by CamScanner

دشمن کو نقصان پہنچانے کا مجرب طلسم

ایک بزرگ کا طلسم ہے۔ اگر کوئی دشمن ناحق دشمنی کرتا ہو اور ناحق ایذا دیتا ہو اور کسی طور باز نہ آتا ہو۔ تو پہلے اس کو سمجھایا جاوے اگر وہ باز نہ آوے اور بے وجہ ستاتا اور تکلیف پہنچاتا ہو تو بکری یا بکرے کا دل لائے۔ اور یہ طلسم ایک کاغذ پر لکھ کر طلسم کے نیچے نام دشمن معہ والدہ کے لکھ کر اس دل میں رکھ دل چاقو سے چیر لیں۔ سات سوئیاں اس طریق پر چبھوئیں یعنی گاڑیں کہ وہ شگاف بند ہو جائے۔ لیکن ہر سوئی پر سات مرتبہ سورت الم ترکیف پڑھ کر چھوڑیں۔ اور اس کو پرانی قبر میں گاڑھ دیں۔ وہ طلسم سے توبہ کر لیوے گا۔ نہائت مجرب اور آزمودہ ہے۔

یا عزرائیل

۳۲۴	۳۱۷	۳۲۲
۳۱۹	۳۲۱	۳۲۳
۳۲۰	۳۲۵	۳۱۸

یا عزرائیل — یا عزرائیل

فلاں بن فلاں رنجور گرد

دیگر

یہ عمل ایک بزرگ سے عطا ہوا ہے۔ نہائت ہی مجرب ہے جب

Scanned by CamScanner

کوئی دشمن باعث ایذا رسانی بن کر تکلیف دے رہا ہو اور کسی صورت سے باز نہ آتا ہو تو اس وقت عمل سے کام لیا جاوے۔ ایک سفال آتش رسیدہ اور چھری کی نوک سے اس پر صورت اس ظالم کی کھینچے۔ عورت ہو خواہ مرد اور ایک حجرے میں اس کو الگ رکھے کہ دوسرا کوئی اس جگہ نہ جا سکے۔ تھوڑی زمین لیپ کر نحس ساعت میں اس جگہ بیٹھ کر اس تصویر کھینچی ہوئی کو آگے اپنے کھڑا کرے۔ اور ایک سو اٹھائیس (۱۲۸) دانہ ماش سیاہ آگے اپنے رکھ کر ہر دانہ ماش پر ایک بار طلسم ذیل کو پڑھے اور اس صورت کو مارے اسی طور سے کل دانہ ختم کر دیوے۔ برابر اکیس (۲۱) روز بلاناغہ کرے۔ پھر دشمن کی حالت دیکھے مگر حتی الامکان خود دو بات برداشت کرے اور صبر کرے تو یہ بہت ہی بہتر ہے۔ ایسا ہی لاچار ہو تو کرے۔ کیوں کہ اس کا بھی مواخذہ روز قیامت اللہ تعالیٰ کو دینا ہوگا۔ لہٰذا صبر کرنا ہی بہتر ہے۔

طلسم :۔ یا جبرائیل جبر کر یا میکائیل قہر کر یا اسرافیل اثر کر یا عزرائیل موت یا کلفائیل اضطراب کر فلاں بنت فلاں پر مار کر بِحَقِّ یَا بُدُّوحُ یَا بُدُّوحُ یَا بُدُّوحُ۔

طلسم عداوت

طلسم ذیل کو ہفتہ یا منگل کی صبح کو چاند کے آخری دنوں میں ہرن کی جھلی پر لکھ کر کسی طرح دشمن کے گھر میں دفن کر دیویں۔ آرزو

Scanned by CamScanner

پوری ہو گی۔

طلسم یہ ہے

مہ ۱۱ ط ا د ۱۱ ۵ ۷ ۵ ۳ ۱ ۱ ر جمع ا ے ۹ ۱۱ ۰۰ ۱۱ ۲ ۱۱

Scanned by CamScanner

باب ۵

طلسمات زبان بندی و خواب بندی

یہ ہمارا خاندانی عمل ہے اور نہایت ہی مجرب ہے۔ جو شخص اس عمل کو لکھ کر اپنے پاس خواہ گلے میں اور خواہ بازو پہ باندھ لے۔ اس کے حاسدوں اور دشمنوں کی زبان بند ہو جائے گی۔

عمل:۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ

کلید لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ـــــ برحالش محمد رسول اللہ و بر زبانس عصائے موسیٰ و بر جگرش عصا و مہتر سلیمان و رد بانس بستم زبان و دل و ہوش فلاں بن فلاں تا من نکشائم کسے نکشائد بحق کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ یَا بُدُّوْحُ

طلسم زبان بندی

طلسم مندرجہ ہذا دشمن اور حاکم جابر کی زبان بند کرنے کی بہترین تاثیر و طاقت کا مالک ہے اور اکثر عاملین کا آزمودہ ہے۔ اگر با اصول و بصدق

Scanned by CamScanner

دل لکھا گیا تو بحکم خدا کبھی خطا نہ کرے گا۔ آزمودہ ہے۔

ب	د	و	ح
ح	۶	۴	۲
۴	و	۸	۶
۲	۸	۲	۴

بستم زبان و دل و ہوش فلاں بن فلاں منجانب فلاں بن فلاں۔

طلسم خواب بندی

جس جگہ مطلوب سوتا ہو اس جگہ اس کے سرہانے کی خاک حاصل کرے اور دن اتوار یا جمعرات کا ہو۔ اس خاک پر سات مرتبہ اس طلسم کو پڑھ کر دم کرے۔ پھر سفید کپڑے میں لپیٹ کر گرہ دے کر رکھے۔ خواب مطلوب جب تک کہ طالب کے پاس نہ آوے گم رہے۔ طلسم یہ ہے۔ یٰاَیُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِی الْاَرْضِ حَلٰلًا طَیِّبًا وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ۔

عمل تسخیر اعلیٰ

اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ پھر سورت منزل شریف کی تلاوت کریں۔ اور جب الفاظ اِلٰی ربّہ سبیلاً پر پہنچیں تو قُل ھُوَ اللّٰہُ احد

Scanned by CamScanner

یاحنان اللہ الصمد یامنان لم یلد یاکریم ولم یولد یارحیم ولم یکن لہ کفواً احد
یاعزیز ایک سو اٹھائیس (۱۲۸) مرتبہ پڑھیں۔ اور آخر میں درود شریف گیارہ
بار پڑھ کر اپنے جسم پر پھونک ماریں۔ یہ عمل تسخیر کے لئے لاجواب ہے۔

طلسم زبان بندی

طلسم مندرجہ ہذا زبان بندی کے لئے اکسیر ہے۔ چاہیے کہ پاک سیاہی سے
پاک کورے کاغذ پر قبلہ رو بیٹھ کر لکھے۔ بعدہٗ موم جامہ کرکے پانی سے بھرے ہوئے مٹکہ کے نیچے رکھ دے۔ مجرب المجرب ہے۔

۷۸۶

۱۷	۲۱	۲۴	۱۰
۲۳	۱۱	۱۶	۲۲
۱۲		۱۹	ع ۱
۲۰	۱۴	۱۳	ع ۲

بستم زبان فلاں بن فلاں ۔ منجانب فلاں بن فلاں

عمل زبان بندی

زبان بندی کے لئے نہائت مجرب ہے۔ اس عمل کی اجازت ایک بزرگ سے ملی ہے۔ پہلے موم سے صورت آدمی کی تیار کرے اور اس طریقہ سوئی اس کے جسم میں گاڑھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

Scanned by CamScanner

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ بستم بستم فلاں بنت فلاں تا نہ بیند کسے را بستم بستم ہر دو گوش فلاں بنت فلاں بہر فلاں سخن کسے نشود الرحمٰن الرحیم ہر دو چشم بستم بستم فلاں بنت فلاں تا نہ بیند کسے را بجز فلاں مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ بستم بستم زبان فلاں بن فلاں تا بہ کس خبر نہ گوید بجز فلاں بن فلاں اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ بستم بستم ہر دو دست فلاں بنت فلاں اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ بستم بستم دل و جان فلاں بنت فلاں صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ط بستم بستم فلاں بنت فلاں ہرگز ہرگز گوبہ کسے نگاہ نکند بجز فلاں بنت فلاں۔

اس کے بعد وہ پتلا سوئی چبھا ہوا اپنی چارپائی کے نیچے رکھے یا دفن کردے۔ بحکم خدا وہ شخص بھاگتا اور دوڑتا ہوا آکر ہمیشہ کے لئے مطیع و فرماں بردار بن جائے گا۔ مجرب ہے۔

ظالم حاکم کی تسخیر

طلسم ذیل اوّل و آخر بات سات بار درود شریف کے ساتھ سات (۷) مرتبہ پڑھ کر اپنے بدن پر پھونکیں تو ظالم حاکم کا دل مسخر ہوگا۔ اگر اس کے پاس جائیں تو وہ عزت و احترام میں بے حد مبالغہ کرنے۔ اور ہرگز کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچائے گا۔

طلسم:۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ یَا اِلٰہُ الْاَوَّلِیْنَ

ہر کہ ما را بد گوید بد زبانش بند شود صرف علیہم عصا موسیٰ بر جگر او از حضرت

ذکریا ۔ برتن او د کرم حضرت ایوب ۔ دا دہن اور د مہر حضرت سلیمان ؑ
زبان او ۔ ور جال الغیب بر جان او ۔ د قہر خدا بر آن مقہور بحق یا بدوح یا
بدوح یا بدوح ۔ واللہ المستعان علی والتصفون یا اللہ ۔

طلسم برائے حفاظت

طلسم ذیل کو لکھ کر مند ھوا کر اپنے گلے میں ڈال لیں ۔ بحکم خدا ہر طرح کے شر
اور ہر طرح کی بلاؤں سے محفوظ رہے گا ۔ انشاء اللہ ہر طرح کی حفاظت رہے
گی ۔ طلسم یہ ہے ۔

یاحافظ

یاعلام

۷۸۶

۸ ۳۴۱	۱۱ ۱۶۹	۱۴ ۱۶۴	۱ ۹۸۹
۱۳ ۱۶۸	۲ ۲۹۰	۷ ۳۴۰	۱۲ ۲۶۰
۳ ۹۹۱	۱۶ ۱۷۱	۹ ۲۶۷	۶ ۳۳۹
۱۰ ۲۶۸	۵ ۳۳۸	۴ ۹۹۲	۱۵ ۱۷۰

یارحیم

یامبین

تسخیرِ عام

اگر تم چاہتے ہو کہ ساری دنیا کو تسخیر کر لو اور ہر شخص تمہاری تعظیم
و تکریم کرے تو پوری طرح پاک و صاف ہو کر ساعتِ سعید میں حسب
ذیل طلسم پڑھ کر دا اور لوبان کی دھونی دے کر اپنے بازو پہ باندھ لو ۔
نہائت ہی مجرب ہے ۔ طلسم اگلے صفحہ پر ہے ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۔

یا جبرئیل علیہ السلام — ۷۸۶ — یا میکائیل علیہ السلام

یا حنان	۲۶۹۶	۲۶۹۱	۹۶۹۸
یا منان	۲۹۹۳	۲۶۹۵	۲۶۹۲
یا دیان	۲۶۹۲	۲۶۹۹	۲۶۹۴
با دیان	علیقاً	طلیقاً	ملیقاً

یا اسرافیل علیہ السلام — یا عزرائیل علیہ السلام

طلسم زبان بندی

طلسم ذیل کو لکھ کر اور موم میں لپیٹ کر اپنی زبان کے نیچے رکھے بحکمِ خدا مخالف کی زبان بند ہو جاوے گی ۔ مجرب و آزمودہ ہے ۔

۱۱۱ ۶ ع ۱۱ ح ۵۸۱ ۵۹ ۱ھ ط ۱ ح ۱ ح ا لح ۸۸

بستم زبان فلاں بن فلاں — منجانب فلاں بن فلاں

طلسم زبان بندی

طلسم ذیل برائے زبان بندی مجرب ہے ۔ اس کو ایک پارچہ کاغذ پر لکھ کر آبِ رواں میں دفن کریں ۔

دوکھ ع او الا بحے
۹۹۹۱ ی ی ۔ الا والہ ۹

بستم زبان فلاں بن فلاں

Scanned by CamScanner

باب ۶

طلسماتِ پیامِ شفا

تشخیص حاضرات سے

اگر بیمار کے متعلق یا دیگر حال دریافت کرنا ہو تو حسبِ ذیل طلسم تحریر کرو ایک بالکل نئے مٹی کے دیئے میں سرسوں کا تیل ڈالو اور طلسم کو روئی میں لپیٹ کر بتی بنانے کے بعد جلاؤ۔ پھر ایک آٹھ دس برس کا خوبصورت لڑکی یا لڑکا کو سامنے بٹھا کر کہو کہ وہ نہائت غور سے بتی کی جانب دیکھتا رہے۔ اگر اسے کچھ دکھائی دے تو اس سے بیمار کی بیماری کی تشخیص پوچھ تو یا اگر کوئی دیگر بات دریافت کرنا ہو تو کر لو۔

یکتانوس فاضل شاہ محمد شاہ میمون رنگی

۱۹	۲۲	۲۵	۱۲
۲۴	۱۳	۱۸	۱۳
۱۴	۲۷	۲۰	۱۷
۲۱	۱۶	۱۵	۲۶

یکتانوس فاضل شاہ محمد شاہ میمون رنگی العجل العجل العجل الساعتہ الساعتہ الوحا الوحا بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام فلاں بن فلاں ہر کس کہ درد باشد

حاضرات

اگر کوئی شخص بیمار ہو اسے کسی علاج سے بھی صحت نہ ہوتی ہو اور یہ معلوم کرنا ہو کہ اس پر کسی آسیب کا اثر تو نہیں ہے۔ تو حسبِ ذیل طلسم پُر کر کے بیمار کو کھلاؤ۔ اگر وہ آسیب زدہ ہوگا۔ تو رونا شروع کر دے گا۔ خبیث روح کے زیرِ اثر ہوگا۔ تو ہنسنا شروع کر دے گا۔ اور اگر کوئی جسمانی مرض ہوگی تو کوئی اثر نہ ہوگا۔ چپ رہے گا۔



طلسم تشخیص مرض

اگر کسی مریض و بیمار کے متعلق حالات دریافت کرنے ہوں۔ مرض کی تشخیص کرنا مقصود ہو یا کوئی ضروری بات معلوم کرنا ہو تو رات کو سوتے وقت سورۃ والشمس سات بار سورت واللیل سات بار، سورت قل ھو اللہ شریف سات

Scanned by CamScanner

بار پڑھیں۔ بستر پر لیٹے لیٹے پڑھیں۔ جسم صاف لباس و بستر پاک اور خوشبو بھی لگائیں۔ سرہانہ شمار کی جانب اور منہ قبلہ کی طرف اسی حالت میں سو جائیں، پس خواب میں سوالات کا جواب ملے گا۔

دیگر

طلسم ذیل کاغذ پر لکھ کر مٹی کے نئے چراغ میں کڑوا تیل ڈال کر جلائیں۔ طلسم روئی میں لپیٹ کر اس کی بتی بنا کر روشن کریں۔ اب کسی خوردسال کے لڑکے یا لڑکی کو جس کی عمر نو دس سال ہو چراغ کے سامنے بٹھائیں اور ہدایت کریں کہ وہ چراغ کی بتی کی طرف غور سے دیکھتا رہے۔ پس اسے کوئی غیر معمولی چیز نظر آوے تو اس سے ہر قسم کے سوالات و حالات دریافت کر سکتے ہیں۔ طلسم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹	۲۲	۲۵	۱۲
۲۴	۱۳	۱۸	۱۳
۱۴	۲۷	۱۰	۱۷
۲۱	۱۶	۱۵	۲۶

ہر مرض کے لئے اکسیر

یہ طلسم نہایت سریع التاثیر اور تیر بہدف ہے۔ انسان خواہ کیسی ہی

مرض میں کیوں نہ پھنسا ہو۔ اس طلسم کو صرف چار دن تازہ پانی یا عرق گلاب میں دھو کر پلا دیا جائے۔ بحکم خدا تمام امراض جسمانی سے آرام پائے گا۔

اس طلسم کو بالکل پاک صاف ہو کر کیسر و کستوری کو عرق گلاب میں مل کر کے لکھے اور پھر زعفران و مشک کی دھونی دیوے۔ بعد میں مریض کو عرق گلاب میں دھو کر پلا دے بحکم خدا چار روز کے اندر شفا کلی ہو۔

طلسم یہ ہے

۷۸۶

۱۹	۱۱	۲۹	۲
۸	۷۸	۳	۳۹
۴	۲۱	۹	۷۷

طلسم برائے مرگی

جس شخص کو مرگی کا دورہ ہو جاتا ہو۔ اس کو ذیل کا طلسم اگر کاغذ پر لکھ کر اسے کسی قسم کے تعویذ میں منڈھا کر مریض کے گلے میں باندھ دیوے بحکم خدا فوراً مرگی کا دورہ دور ہو جائے گا۔ اور برسوں کا مریض اس سے نجات حاصل کر کے تمام کو دعائے خیر دیوے گا۔ تجربہ شدہ طلسم ہے۔

طلسم :۔ زوع و فزوع ۔ قلق و بقیق فی الحال دلذل حدوند۔ توظف لمودویذ دل عہن ۔



دم ۱۱ لطیع عود سادہ د ھما



طلسم برائے دردِ نیم سر

طلسم ذیل آدھے سر یعنی آدھا سیسی درد کے لئے نہائت مجرب ہے
اس کو لکھ کر پیشانی پر باندھیں۔ طلسم یہ ہے۔

۷۸۶

یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
ح و ہ ز	ح و ہ ز	ح و ہ ز	ح و ہ ز
یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
ح و ہ ز	ح و ہ ز	ح و ہ ز	ح و ہ ز

طلسم برائے پیچش ہر قسم

ہر قسم کی پیچش کے لئے طلسم مندرجہ ہذا اکسیر ہے۔ اس طلسم کو لکھ کر کمر میں

Scanned by CamScanner

باندھے :بحکم خدا مریض صحت یاب ہوگا۔

۷۸۶

۲۹	۲۵	۲۹	۲۵
۳۳	۲	۲۸	۲۱
۲۹	۲۵	۲۷	رکے
الے	۸ و	رکے	کے ۲

طلسم برائے درد شکم

۷۸۶

ص	۲	۱۵
۵	۵۱۱	۲
یہ	کن	ع

یہ طلسم درد شکم والوں کے حق میں اکسیر ہے۔ جس کسی کو درد شکم کی شکائت ہو وہ اس طلسم کو لکھ کر دھو کر پلاوے۔ تجربہ شدہ طلسم ہے

طلسم برائے قے

۷۸۶

۲۹۲	۲۸۷	۲۹۵
۲۹۴	۲۹۱	۲۸۹
۲۸۸	۲۹۶	۲۹۰

یہ طلسم ہر قسم کی قے کے لئے نہائت مجرب ہے۔ اگر کسی بھی وجہ سے قے بند نہ ہوتی ہو تو طلسم اوّل چار مرتبہ لکھ کر اور دھو کر پلاوے اور طلسم دوئم لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔ خواہ کتنی ہی سخت قے ہو بحکم خدا

Scanned by CamScanner

فی الفور بند ہو جائے گی۔ نہایت مجرب ہے۔

۷۸۶

۹	ع	معع	ے
۱۵	ع	رے	۱۵
۸	۱	۸	۴۸
۱۲	ع	۴	۱۲

اسم دوم

طلسم برائے مستورات

یہ طلسم ان عورتوں کے واسطے ہے جن کو موقعہ ماہواری اس کے حیض کا خون بہت زیادہ آتا ہو یا رک رک کر آتا ہو یا درد سے آتا ہو یا حمل قائم نہ رہتا ہو



اس کو چاہیے کہ کسی اچھی سی ساعت میں علی الصبح اٹھ کر نہا دھو کر اپنے اللہ پاک کو یاد کر کے طلسم ایک پان کے خالی پتہ پر لکھ کر کھالے فوراً شفا ہو۔ اگر مرض میں کوئی کمی رہ جائے تو پھر دوبارہ اسی ساعت میں یہ طلسم پان کے پتے پر لکھ کر کھا دے بحکم خدا فوراً شفا ہو۔

Scanned by CamScanner

طلسم برائے حفاظت حمل

جس عورت کے حمل نہ ٹھہرتا ہو یا بچہ ہو کر فوت ہو جاوے۔ اس کو چاہیے کہ کسی اچھی سی ساعت میں نہا دھو کر پاک صاف ہو کر اس بات کا خیال رکھے کہ پاک صاف ہوتے وقت اگر سر دھوئے تو جب تک اپنے بالوں کو اچھی طرح سکھا نہ لے اس پر عمل نہ کرے۔ جب سوکھ جاویں تو اپنے بدن پر صاف ستھرے کپڑے پہن کر ایک جستی چاندی کی بنوائے اس تعویذ کے اوپر ذیل کا طلسم کندہ کرے۔ اگر عورت اپنی کمر پر باندھے تو پھر کبھی اس کا حمل نہ گرے گا بے شک وہ مکان کی پانچویں منزل سے چھلانگ لگائے۔ اور بحکم خدا اس کی اولاد بھی زندگی والی ہوگی۔ لاجواب طلسم ہے۔

۷۸۶

۳۵۱۷	۳۵۲۰	۳۵۲۲	۳۵۵۱
۳۵۲۲	۳۵۱۲	۳۵۱۶	۳۵۲۱
۳۵۱۴	۳۵۲۵	۳۵۱۸	۳۵۱۶
۳۵۱۶	۳۵۱۴	۳۵۱۸	۳۵۲۴

طلسم برائے گریہ اطفال

یہ طلسم نہائت مجرب ہے اور بہت سی تکلیفوں کے لئے نافع ہے اگر بچہ روتا رہتا ہو تو اس کے گلے میں باندھیں اور اگر عورت دردِ زہ کی

Scanned by CamScanner

تکلیف میں ہو تو یہ طلسم اس کی داہنی ران پر باندھیں ۔ ولادت میں آسانی ہوگی ۔ طلسم یہ ہے ۔

۷۸۶

یادیاں	یادائم	یادلیل	یاداعی
۷۳	۸۶	کھلا	۶ ع
۱۱۷	۱۷ ع	۱۲۶ ع	۳ ع
کھلا	ی	۷ ع	۱۱ ع

دیگر

اگر بچہ دن بدن کمزور ہوتا جائے اور ہر وقت روتا رہتا ہو۔ تو اس کے گلے میں ذیل کا طلسم لکھ کر ڈال دیں۔ بحکمِ خدا شفا کلی ہو۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

۳۶	۴۳	ع ۶	۷۴	۷
۳۷	۸۷	۶۹	۴۳	۱ ع
۲۳	۸۳	۴۶	۶۷	۳۶
۲ ع	ع ۴	۴۳	۷۷	گریہ کودک
۳	۳۸ ع	۳ ع	۳۸	۴۳

Scanned by CamScanner

طلسم برائے پاگل پن

طلسم ذیل واسطے دیوانگی اور پگلا پن اکسیر ہے۔ مریض کو ایک طلسم دھو کر پلائے اور ایک لکھ کر گلے میں ڈال دے۔ بحکم خدا شفا کلی ہو گی۔ طلسم یہ ہے۔



طلسم برائے جملہ امراض بدنی

طلسم مندرجہ ذیل جسم کی ہر طرح و ہر قسم اور ہر نوعیت کی بیماری کے لئے اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ تجربہ شدہ اور تیر بہدف طلسم ہے۔ اس کو صرف گلے میں ڈالنا ہے۔ کسی اچھی سی ساعت میں پاک صاف ہو کر صاف کپڑے پہن کر مالک کو یاد کر کے طلسم ذیل سیاہ روشنائی سے ایک کورے کاغذ پر لکھ کر اور منڈھوا کر اپنے گلے میں پہن لیں۔ بحکم خدا اور فیض حضرت خواجہ حفیظ اللہ صاحب بڑیلا شریف ہر بدنی مرض جو جسم کے اندر ہو گی وہ بھی دور ہو جائے گی اور دوبارہ کوئی مرض نہیں آئے گی۔ طلسم برائے دفع جمیع امراض یہ ہے۔

.....

۷۵۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ
تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَ غَمٍّ سَيَنْجَلِي
بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ بِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ۔

Scanned by CamScanner

باب ۷

ہزاروں روپیہ ماہوار کمائیے!

صابن میں دولت

جنہوں نے کبھی صابن نہیں بنایا وہ اوّل اس صابن کو بنا کر دیکھیں۔ بحکم خدا یہ ایک ہی نسخہ دولت کے انبار لگا کر آپ کو مالا مال کر دے۔ بشرطیکہ اس کو بنائیں اور اس کی بکری کریں۔ یاد رکھیں حرکت میں برکت ہے۔ ہاتھ پہ ہاتھ دھر کر بیٹھے رہنا اور پھر اپنے مقدروں کو کوسنا یہ کہاں کی دانش مندی ہے آپ اس اصول کو یاد رکھیں کہ حرکت کا نام زندگی ہے۔ اور اپنے سے دوسرے کو بہتر اعلیٰ و ارفع سمجھنا اشرف المخلوقات ہونے کی دلیل ہے۔ میں بذاتِ خود مذکورہ دونوں اصولوں کی قائل ہوں اور آخری دم تک قائل رہوں گی۔ اور سب کرم فرماؤں کو بھی یہی مشورہ دیتی رہوں گی۔ ہاں کم قیمت مگر اچھا صابن بنانے کا نسخہ یہ ہے۔

نسخہ:۔ سوڈا کاسٹک ۱ پاؤ، پانی ایک سیر، میدا ایک پاؤ، تیل سرسوں ایک سیر۔ صابن بنانے سے پہلے پاؤ بھر سوڈے کو ایک سیر میٹھے پانی میں بھگو دو۔ اور اس کو دو چار گھنٹہ تک پڑا رہنے دو تاکہ سوڈا اچھی طرح مل

Scanned by CamScanner

جاوے۔ اس سوڈے اور پانی میں ملی ہوئی چیز کو صابن بنانے والے لائی کہتے ہیں۔ جس وقت آپ کاسٹک کو پانی میں ڈالو گے تو پانی خود بخود گرم ہو جاوے گا۔ صابن اس وقت بنانا چاہیے کہ جس وقت لائی بالکل ٹھنڈی ہو جاوے ورنہ صابن خراب ہو جاتا ہے اب ایک دوسرے برتن میں تیل ڈال کر اس میں میدا خوب حل کرو۔ لائی کو دھار باندھ کر تیل کے اندر ڈالو اور خوب گھوٹتے جاؤ۔ گھوٹتے گھوٹتے مثل حلوے کے ہو جاوے گا۔ اب اس کو کسی بکس وغیرہ میں بھر دو اور کپڑا ڈھک دو۔ کیونکہ بکس میں ڈالنے کے بعد صابن میں خود بخود کیمیائی اثر سے گرمی پیدا ہوتی ہے۔ وہ ضائع نہیں ہونی چاہیے صبح کے وقت آپکو صابن جما ہوا ملے گا۔ بکس سے اسکو نکال کر لوہے کے تار سے ٹکیاں کاٹ لو اور ان کو دو چار روز پڑا رہنے کے بعد استعمال کرو۔ جنہوں نے کبھی صابن نہیں بنایا وہ اس صابن کو ضرور بنا کر دیکھیں اور خوب منافع کمائیں۔

واشنگ پوڈر

کم سرمایہ حضرات کے لئے بہترین روزگار ہے۔ واشنگ پوڈر یعنی کلینزو کلینزنگ پوڈر وغیرہ کا آج کل عام رواج ہے۔ بہت سے اصحاب اس کی بدولت آزادانہ طور پر اپنے کنبے کا پیٹ پال رہے ہیں۔ بنانے میں آسان ہے اور کپڑوں کی میل کو بھی صابن کی نسبت اچھی طرح کاٹتا ہے ریشمی سوتی اور اونی پارچہ جات دھونے کے لئے بے نظیر پوڈر

ہے۔ نسخہ حسبِ ذیل ہے۔ سوڈیم کاربونیٹ یعنی دھوبی سوڈا بائیس سیر، کپڑے دھونے کے عمدہ صابن کا چورہ گیارہ سیر، پانی چھ گیلن۔

ترکیب تیاری :۔ صابن کے چورے کو پانی میں گھول لیں۔ اور لکڑی کے ڈنڈے سے خوب گھمائیں تاکہ لئی سی بن جائے۔ اب اس میں تھوڑا تھوڑا دھوبی سوڈا ڈال کر لگاتار گھوٹتے چلے جائیں۔ جب تمام سوڈا ختم ہو جائے۔ اور مرکب ایک جان ہو جائے۔ تو اسے شیشے کی پلیٹوں میں ڈال کر رکھ دیں۔ سوکھ جانے پر کوٹ لیں۔ اور پوڈر بنا لیں۔ سفید رنگ کا پوڈر بنے گا۔ اسے چار اونس، ایک پونڈ اور پانچ پونڈ کے پیکٹوں میں پیک کر دیا جاتا ہے

ترکیب استعمال :۔ ایک ٹین میں پانی بھر کر اس میں مندرجہ بالا پوڈر گھول لیں۔ اور جس قدر کپڑے دھونے مطلوب ہوں وہ اس میں بھگو دیں دوسرے دن کپڑوں کو اچھی طرح مسل کر باہر نکال لیں۔ اور صاف پانی سے دھو لیں۔ دھوبی کے دھلے ہوئے کپڑوں کی مانند نکل آئیں گے

نسخہ کریم

سیٹرک ایسڈ نصف سیر، پانی ساڑھے چار سیر، کاسٹک پوٹاش دو تولے، خوشبو ایک تولہ، ایوسین رنگ ایک ماشہ۔

اس کی ترکیب تیاری اس طرح سے ہے کہ سیٹرک ایسڈ کو کسی ہم چینی کے برتن میں آگ پر رکھ کر پگھلائیں۔ کاسٹک پوٹاش کو پانی میں حل کر کے لائی بنا لیں۔ اور اسے بھی اس قدر گرم کریں جس قدر سیٹرک ایسڈ

کو حرارت دی گئی ہے۔ اب پگھلے ہوئے سیٹرک ایسڈ میں لائی کا گھول دیں۔ اور پانچ منٹ تک آگ پر ہی گھوٹتے رہیں۔ اب آگ سے اتار کر اس وقت تک گھوٹتے رہیں جب تک کہ ٹھنڈا ہو کر گاڑھا نہ ہو جائے۔ اب رنگ کو بالکل ہی تھوڑے پانی میں حل کر کے کریم میں ملا دیں۔ اور خوشبو بھی شامل کر دیں۔ چھوٹی چھوٹی ڈبیوں میں بھر کر اور کوئی موزوں سا نام رکھ کر فروخت کریں اور خوب منافع کمائیں۔

ہر قسم کے عطر تیار کرنے کے طریقے

صندل آئیل ایک پاؤنڈ، ہیگورونز دو اونس، تیل میں حل ہونے والا گلابی رنگ بالکل ہی معمولی مقدار میں۔ اس کی ترکیب تیاری اس طرح سے ہے صندل آئل میں تھوڑے رنگ گلابی ملا کر اسے ہلکا سا رنگ دار بنا لیں۔ بعد اس میں خوشبو گلاب ملا دیں۔ اور اچھی طرح ہلا کر رکھ دیں۔ بعد ایک ہفتہ اسے استعمال کریں۔ نہایت ہی عمدہ قسم کا عطر تیار ہو گا۔

عطر چنبیلی وحنا وغیرہ بنانے کے طریق

مذکورہ بالا نسخہ میں ہیگورونز کی جگہ جس چیز کا عطر تیار کرنا ہو۔ وہی خوشبو مندرجہ بالا طریق سے یعنی تناسب سے ملا دیں۔ اور جس قسم کا عطر ہو۔ اسی قسم کا رنگ بھی دے لیں۔ حنا کے لئے لال رنگ اور چنبیلی کے لئے زرد رنگ دیئے جاتے ہیں۔

عام بازاری طریقہ سے عطر بنانے کے فارمولے

وائٹ آئیل ایک پونڈ، ہیکو روز دغیرہ یعنی جس چیز کا عطر بنانا ہو، دو اونس رنگ مذکورہ طریق سے عطر تیار کریں۔ سستے قسم کے عطر بن جائیں گے یہ وہی عطر ہیں جو نہائت سستے پڑتے ہیں اور جنہیں راہ چلتے لوگ گلا پھاڑ پھاڑ کر بازاروں میں چکر لگا کر بیچتے ہیں۔ فروخت کرتے ہیں کافی منافع بخش رہتا ہے۔ دولت کماؤ اور امیر بن جاؤ مگر حرکت سے کیونکہ حرکت میں برکت ہے۔ ہاتھ پہ ہاتھ دھر کر بیٹھے رہنے اور صرف کتابوں کی ورق گردانی کرنے سے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ صرف ایک ہی نسخہ کو عملی جامہ پہنا لینے سے ہی تقدیر بدل سکتی ہے اور دولت کی فراوانی آپ کے قدم چوم سکتی ہے اور ہر طرح کا آرام آپ کو نصیب ہو سکتا ہے۔

بالصفا پوڈر

یہ پوڈر پانچ منٹ میں بالوں کو جڑھ سے اڑا دیتا ہے اور بالکل بے ضرر ہے۔ بیرم سلفائیڈ آٹھ چھٹانک، سوپ سٹون ایک سیر، کافور دیسی ایک تولہ، کباب چینی ایک تولہ۔

بیرم سلفائیڈ کو لے کر اس کو کپڑے میں سے چھان لو اور اس میں سوپ سٹون شامل کرو۔ ان دونوں چیزوں کے ملے ہوئے پوڈر کو ایک طرف رکھو۔ اب باقی چیزوں کو پہلے علیحدہ علیحدہ خوب پیسو اور پیس کر ملا لو۔

Scanned by CamScanner

اس ملے ہوئے پوڈر کو پہلے پوڈر میں شامل کر دو۔ اور خوب اچھی طرح ملا کر
باریک چھلنی میں سے پھر سب کو چھان لو۔ اب ان کو چھوٹے چھوٹے پیکٹوں
میں بھر کر تجارت کر کے منافع کماؤ۔

جس وقت کسی جگہ کے بال صفا کرنے منظور ہوں۔ اس میں سے تھوڑا
سا پوڈر لے کر پانی میں گھول کر مانند شہد کے کرو اور اس کو اس جگہ لیپ کر
دو پانچ سات منٹ کے بعد کسی کپڑے سے پانی سے لیپ کو صاف کر دو
اس طرح استعمال کرنے سے ہرگز کوئی جلن جسم پر نہیں ہوتی اور نہ ہی کسی قسم
کی سوزش ہوتی ہے۔ بلکہ جلد ریشم کی طرح ملائم ہو جاتی ہے۔ اس کو نازک
سے نازک جلد پر لگا سکتے ہیں۔

اگربتی بنانا

مشک کافور پانچ تولہ، قلمی شورہ پانچ تولہ، صندل سفید کا باریک سفوف
دس تولہ، کپاس کی لکڑیوں کا کوئلہ دس تولہ، عود ایک پاؤ، گوند کیکر دس تولہ
لوبان ایک پاؤ۔

اس کا طریقہ تیاری اس طرح سے ہے کہ گوند کے سوا باقی تمام اشیاء کو
علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر ملا لیں۔ اور بعد کسی باریک چھلنی یا کپڑے میں چھان لیں
اب گوند کو پیس کر تھوڑے سے گرم پانی میں حل کر لیں۔ گوند کے حل ہو جانے پر مندرجہ
بالا چھانے ہوئے سفوف میں یہ گوند ملا۔ پانی اتنا ملائیں۔ کہ مرکب پتلی لئی کی طرح
کا بن جائے۔ پھر اس مرکب کو خوب اچھی طرح ملا کر کسی ایسے برتن میں رکھیں

Scanned by CamScanner

کہ جس میں بانس کی اگر بتی کے سائز کی تیلیاں مطابق ڈبوئی جا سکیں۔ اب بانس کی باریک اگر بتی کے سائز کی تیلیاں لے کر مذکورہ مرکب میں ڈبو کر احتیاط سے رکھتے جائیں۔ خشک ہو جانے پر کوئی دل پسند خوشبو معمولی مقدار میں چھڑک کر جلاٹین پیپر پیلے رنگ میں درجن درجن اگر بتیاں پیک کر کے اپنا لیبل لگا کر فروخت کریں۔ اس نقطہ سے آگاہ رہیں کہ تیلیاں مرکب میں ڈبوتے وقت تیلیوں کا ½ انچ سرا بغیر مصالحہ کے خشک رکھیں (۲) بانس کی پتلی پتلی تیلیاں مطابق سائز بنا کر۔ پانی میں سبز یا سرخ رنگ حل کر کے اس میں تمام تیلیاں ڈبو کر رنگ دار بنا کر خشک کر لینی چاہیے اور اس کے بعد مرکب میں ڈبوئیں۔ اس ایک نسخہ ہی کی بدولت غریب سے غریب شخص بھی ہزاروں روپوں میں کھیلنے لگ جاتا ہے۔ بشرطیکہ عمل کرے۔

Scanned by CamScanner

باب۵

ایلوپیتھک پیٹنٹ اَدویہ

میں اللہ کی بندی ناچیز یہاں پر صرف انہی ادویات کا تذکرہ کروں گی جو میرے اور میرے شوہر کے تجربہ میں آکر ہر طرح سے صحیح اور درست ثابت ہو چکی ہیں۔ جو ادویہ ہماری آزمودہ نہیں ہیں اُن سے اجتناب کروں گی۔ ہمارے ایلوپیتھک ادویات کے تجربات ادویہ کے مشہور ناموں کے ذریعہ نظرِ عام ہیں۔

ایلوڈرا کس سیرپ

اس دوا کا دوسرا نام ایلومینیم ہائیڈروآکسائڈ جیل ہے۔ یہ دوا زخم معدہ اور تیزابیت معدہ کے لئے مستعمل ہے۔

مقدار خوراک ایک سے تین چمچے دن میں تین سے چار دفعہ کھانا کھانے کے درمیان اور سوتے وقت۔

السمل ٹیبلٹ

اس دوا کا دوسرا نام بسمتھ کمپاونڈ ہے۔ معدے میں تیزابیت کی

Scanned by CamScanner

زیادتی، معدے کا زخم، بدہضمی، درد اور اپھارہ کے لئے مستعمل ہیں۔

خوراک: ایک گولی دن میں تین چار مرتبہ کھانے کے ساتھ اور سوتے وقت یا جب معدے میں جلن محسوس ہو۔

بیلرگال ٹیبلٹ

اس دوا کا دوسرا نام بیلاڈونا ارگوٹامین کمپاؤنڈ ہے۔ سن یاس کی علامات مثلاً زیادہ پسینے آنا، جلن محسوس ہونا، منہ میں پانی بھر آنا، گھبراہٹ، پریشانی اور بے خوابی وغیرہ کے لئے مستعمل ہیں۔

خوراک: ایک تا دو گولی دن میں تین چار دفعہ۔

میرا پرانٹ کیپسول

اس دوا کا دوسرا نام بیوٹا ٹیلامین ہے۔ یہ دوا موٹاپا دور کرنے کے لئے ہے۔ اس دوا کی خوراک ایک کیپسول روزانہ صبح ناشتہ سے پہلے تین ماہ تک دیں۔ مریض ہر قسم کی مقوی غذا چپاتی وغیرہ کچھ عرصہ کے لئے بالکل بند کر دے صرف فروٹ سبزی پر گزارہ کرے۔ اسی طرح چکنائی اور نشاستہ والی جملہ غذائیں بالکل بند کر دے۔

پرسی نڈ ٹیبلٹ

اس کا دوسرا نام سینو سائنڈ ہے۔ یہ شدید اور پرانی قبض کے لئے مستعمل ہیں

Scanned by CamScanner

لوموٹل لیکوئیڈ سیرپ

اس کا دوسرا نام ڈائی فی ناکسی لیٹ سپلنشن ہے ہر قسم کی پیچش انتڑیوں کی خراش ڈسنٹری اور خوراک کی سمیت کے لئے مستعمل ہیں ۔ ایک یا دو چائے کے چمچے تین یا چار دفعہ دن میں بچوں کے لئے۔

میکسالون ٹیبلٹ

اس دوا کا دوسرا نام میٹا کلوپرامائیڈ ہے ۔ ہاضمہ کی جملہ خرابیوں ، جی متلانا ، قے آنا ، ہچکی لگنا وغیرہ کے لئے مفید ہیں ۔ کھانا کھانے سے پہلے ایک گولی دن میں تین بار دیں ۔

فیوراکسن لیکوئیڈ

اس دوا کا دوسرا نام فیورازولے ڈین سپلنشن ہے ۔ ہر قسم کی جملہ پیچش اور بڑی انتڑی سے متعلقہ جملہ بیماریوں کے لئے مستعمل ہے ۔ ایک چائے والا چمچہ تین چار دفعہ دن میں پلائیں ۔

کرسٹوڈیجسین ٹیبلٹ

قلب کے جملہ امراض کے لئے خاص طور پر استقا قلبی میں مستعمل ہیں ۔
آہستہ آہستہ اثر پیدا کرنے کے لئے دو گولیاں صبح و شام چار دن تک دیں۔

Scanned by CamScanner

اس کے بعد ڈیڑھ گولی روزانہ دیتے رہیں۔ اس دوا کا دوسرا نام ڈیجی ٹاکسین ہے

زیفرین ڈراپس

اس کا دوسرا نام فی نائیٹرل الیفرین زنک ڈراپس ہے۔ آنکھوں اور پپوٹوں کی سوزش اور سرخی کے لیے آنکھوں میں ڈالیں۔

آرٹی زون آئنٹمنٹ

اس کا دوسرا نام آرٹی منیرپا ہے۔ مختلف قسم کی دردوں میں مقامی طور پر مالش کریں۔ مثلاً جوڑوں کی سوزش، موچ، ورم، ریومیٹک دردوں عرق النسار، کمر کا درد وغیرہ تھوڑی سی مرہم مقامی طور پر مالش کریں۔

میلی ڈین ٹیبلٹ

اس کا دوسرا نام میلی سیلا مائیڈ ہے۔ ہر قسم کے درد، سر درد۔ دانت درد، ماہواری کا درد، کمر درد، نزلہ، بخار وغیرہ کے لیے مستعمل ہے۔ ایک یا دو گولی دن میں تین مرتبہ۔

پیرامال ٹیبلٹ

ہر قسم کے درد، سر درد، بخار میں استعمال کر سکتے ہیں۔

Scanned by CamScanner

فینسی ڈل سیرپ

اس کا دوسرا نام پرومیتھازین کف سیرپ ہے۔ ہر قسم کی کھانسی کے لئے مستعمل ہے۔

لارجیکٹل ٹیبلٹ

اس دوا کا دوسرا نام کلورپرومازین ہے ہچکی بند کرتی ہے۔ قے روکتی ہے۔ پاگل پن کے علاج میں مفید ہے۔ درد کو کم کرتی ہے۔ قے اور ہچکی بند کرنے کے لئے پچیس ملی گرام سے پچاس ملی گرام تک دیں۔ پاگل پن کے علاج کے لئے آٹھ سو ملی گرام تک روزانہ۔

ایٹی وین ٹیبلٹ

یعنی لوریزی پام ٹیبلٹ۔ دماغی پریشانی، نفسیاتی پریشانی، گھبراہٹ نفسیاتی علامات کی وجہ سے جسمانی علامات مثلاً سر درد، بدہضمی، دل دھڑکنا نیند نہ آنا وغیرہ میں فائدہ کرتی ہے ایک گولی دن میں دو یا تین مرتبہ دیں۔

انٹس ٹین ٹیبلٹ

اس کا دوسرا نام انٹازولین ہے۔ ایلرجی کی وجہ سے جملہ بیماریاں مثلاً ایگزیمہ ارٹی کیریا، چھینکیں، ایلرجک زکام، خارش، تپ کائی وغیرہ کے لئے مستعمل

Scanned by CamScanner

ہیں۔ ایک گولی دن میں تین بار۔ کلیمی زدل گولیاں ہر قسم کی ایلرجی چھپاکی اور چھینکوں کے لئے آزمودہ ہیں۔

کلوزینہ کیپسول

اس دوا کا دوسرا نام سائی کلوسی رین ہے ہر قسم کے تپ دق کے لئے ایک کیپسول صبح ایک دوپہر اور ایک شام کو دیں۔

کلوریم فینی کال ہائیڈرو کارٹی سون آئی آئنٹمنٹ

آنکھ کی جملہ امراض جن میں سانتھ خارش و سرخی، ورم، چوٹ اور زخم ہو فائدہ کرتی ہے۔

ارتھرومائی سین ٹیبلٹ

کھانسی، زکام، گلے پکنا، برونکائی ٹس، نمونیا، پھوڑے پھنسی، کھجیر وغیرہ کے لئے مستعمل ہے۔ دو سے چار گولیاں چوبیس گھنٹوں میں منتقسم خوراکوں میں دیں۔

سلفاسیٹامائیڈ آئی آئنٹمنٹ

یہ مرہم کلکرے، آنکھیں دکھنا، گوہانجنی، پپوٹوں کی خارش، آنکھوں میں زخم وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ دن میں تین چار دفعہ آنکھوں میں لگائیں۔

Scanned by CamScanner

لیبریکس ٹیبلٹ

پیٹ کے جملہ امراض مثلاً بدہضمی، اپھارہ، گھبراہٹ، درد، گیس، بے چینی، معدہ کی جلن، بے خوابی اور تبخیرہ معدہ وغیرہ کے لئے مستعمل ہے۔ ایک گولی صبح ایک دوپہر اور ایک شام۔

ایفی نال ٹیبلٹ

یعنی وٹامن ای گولیاں۔ چلتے وقت ٹانگوں کی پنڈلیوں میں درد محسوس ہونا، اسقاط حمل متواتر اور مردہ بچہ پیدا ہونا، عضلاتی کمزوری، بانجھ پن اور کمر درد وغیرہ کے لئے مستعمل ہے۔ ہر روز ایک سے تین گولیاں مگر چبا کر کھائیں۔

سپلز مو ڈولوران ٹیبلٹ

اس دوا کا دوسرا نام فین کار بے مائیڈ کمپاؤنڈ ہے۔ یہ دوا درد گردہ، درد پتہ، پیٹ درد اور درد قولنج وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ خوراک ایک دو گولی دن میں تین بار

نائیلے ور ٹیبلٹ

اس کا دوسرا نام نارای تھینڈرون ہے۔ یہ دوا وزن کی کمی، بھوک

Scanned by CamScanner

کی کمی، بیماری کے بعد کی کمزوری بڑھاپا وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

جیٹے نین ٹیبلٹ

یعنی ایلائیل الیٹرونال گولیاں۔ اسقاط حمل روکنے کے لئے، ماہواری کی زیادتی، ماہواری کا درد، ماہواری رک جانا وغیرہ کے لئے مفید ہے ایک گولی دن میں تین دفعہ دیں۔

می تھائیل ارگومیٹرین ٹیبلٹ

اس کا دوسرا نام می تھرجین ہے۔ زچگی کے بعد کا جریان خون اور زچگی کے بعد رحم کو جلدی سکیڑنے کے لئے دو چار گولیاں روزانہ دیں۔

ری سارسی نول ایئر ڈراپس

یہ ڈراپس کان میں درد، سوزش اور کان بہنے کے لئے مفید ہے۔ تین چار مرتبہ دن میں کان میں ڈالا کریں۔

فلورا کوئین ٹیبلٹ

لیکوریا اور اندام نہانی کی خارش کے لئے مفید گولیاں ہیں۔ ایک یا دو گولی صبح و شام اندام نہانی کے اندر اوپر کر کے رکھیں۔ اور بعد میں کچھ دیر لیٹ کر آرام کریں۔ اندام نہانی کی خارش دور کرنے کے لئے ڈیکٹا کارٹرل

Scanned by CamScanner

گولیاں اور پریڈنی سولون بھی مفید ہیں۔

ایتھی نوڈیول کمپاؤنڈ ٹیبلٹ

یہ گولیاں بچہ دانی سے جریان خون، ماہواری کی بے قاعدگی اور بانجھ پن کے علاج کے لئے اچھی اور مفید ہیں۔

میتھاکسالین ٹیبلٹ

یعنی میلاڈے نین گولیاں برص کے لئے بہت مفید ہیں۔ روزانہ ایک سے چار گولی۔

کلوروہائی سے ٹین ٹیبلٹ

اس دوا کا شربت بھی ملتا ہے۔ کالی کھانسی جو بچوں کو ہو جاتی ہے کے لئے بہت ہی مفید ہے۔ مگر اس شربت کے ساتھ حسب علامت ہر پیچیدگی دور کرنے کے لئے دیگر ادویہ بھی دینا چاہیے۔

لوموٹل وِد نیومائی سین لیکوئڈ

اس دوا کا دوسرا نام ڈائی فی ناکسی لیٹ نیومائی سین سپلنشن ہے۔ ہر قسم کی پیچش خواہ وہ کتنی ہی بگڑی ہوئی ہو، اسہال معدہ، انتڑیوں کی خراش اور خوراک کی سمیت کے لئے مستعمل ہے۔ مقدار خوراک!

Scanned by CamScanner

بچوں کو ایک یا دو چمچے چائے کے تین یا چار دفعہ دن میں دیں ۔
مالک کا فضل ہے ۔ پورے تجربات تحریر کروں تو اسی ایک باب پر ڈھیر ساری کتب لکھنا پڑیں گی ۔ مزید طوالت سے گریز کرتے ہوئے کرم فرماؤں کو دیگر رموزات سے اگاہ کروں ۔ انہی تجربات پر اکتفا کرتی ہوں ۔

Scanned by CamScanner

باب ۹

طلسمی یونانی اکسیریں

جادو کی پڑیا

فنیسٹین ایک تولہ، سوڈا سیلی سلاس ایک تولہ، گیری ڈیڑھ ماشہ، ورق طلا، تین عدد۔ سب کو مکس کر کے شیشی میں حفاظت رکھیں۔ بوقت ضرورت تین ماشہ گرم دودھ یا پانی سے کھلائیں۔ ذات الجنب اور نمونیا کی درد پانچ منٹ میں دور ہو گی۔ تجربہ شدہ ہے۔

اکسیر ملیریا

گیری ایک ماشہ، نوشادر دو ماشہ مغز کرنجوہ آٹھ ماشہ، قلمی شورہ دو ماشہ۔ سب کو باریک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ ایک ماشہ ہمراہ آبِ تازہ کھلانے سے چڑھے ہوئے بخار کو اتار دیتا ہے۔ قبل نوبت تین بار دینے سے بخار رک جاتا ہے۔ حاملہ عورت کو بھی استعمال کروا سکتے ہیں۔ تجربہ شدہ ہے۔

Scanned by CamScanner

ہر قسم کے بخار کیلئے جادو اثر گولیاں

ہر قسم کے نئے و پرانے بخاروں کو دور کرنے کے لئے جادو اثر گولیاں ہیں۔ درخت دھریک (بکائن) کے دھر کونے جن میں بیج نہ پڑا ہو یعنی نرم نرم ہوں لے کر کوٹ کر رس نکالیں۔ اتنا ہی گلوئے سبز کا رس نکالیں۔ ان دونوں رسوں کو یکجان کر کے ان کا چوتھائی حصہ اجوائن دیسی پیس کر ملا کر گولیاں بقدر جنگلی بیر بنا کر ایک گولی صبح ایک دوپہر اور ایک شام کو ہمراہ پانی تازہ دیں۔ بخار کیسا ہی پرانا کیوں نہ ہو بحکم خدا ایک ہفتہ کے اندر دور ہو جاتا ہے۔ بھوک بہت لگتی ہے۔ لیکن خوراک کم کھائیں۔ تجربہ شدہ گولیاں ہیں۔

ہر قسم کا بخار دور کرنے کے لئے طلسمی اکسیر

ہر قسم کا بخار دور کرنے کے لئے یہ دوائی طلسمی اکسیر ہے چالیس روز کے استعمال سے پرانے سے پرانا بخار رفع ہو جاتا ہے۔ نیز کھانسی، سل، دق اور دمہ کے لئے بھی اکسیر ہے۔ ہڑتال گئودنتی، ہڑتال ورقیہ، سنکھ دو تولہ، آب برگ ارنڈ سبز، آب کھٹکل بوٹی، آب گلو سبز ہر ایک آدھا پاؤ، علیحدہ علیحدہ کھرل کر کے گولیہ بنا کر کوزہ گلی میں بند اور گل حکمت کر کے پانچ اپلوں کی محفوظ الہوا گ دیں سرد ہونے پر پیس کر محفوظ کریں۔ ایک رتی منقیٰ میں رکھ کر عرق گاؤزبان دس ماشہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ ہر قسم کا بخار دور کرنے کے لئے طلسمی اکسیر ہے۔

ناف ٹلنے کا اکسیری علاج

یہ علاج ان لوگوں کے لئے ہے جو کہ بار بار ناف کو درست کرواتے ہیں اور پھر بھی ناف ٹلنے سے باز نہیں آتی۔ اگر سینکڑوں بار ناف درست کروانے کے باوجود بھی ٹلنے سے نہیں رہتی تو ایک بار ناف درست کروا کر فی الفور یہ اکسیر استعمال کرنا شروع کر دیں۔ اور متواتر تین چار ہفتہ استعمال کریں بحکم خدا تمام عمر دوبارہ ناف ٹلنے کی بیماری نہ گی۔

نک چمکنی سوختہ، اجوائن دیسی، قند سیاہ ہر ایک ہموزن کوٹ کر ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنائیں ایک گولی بوقت صبح گائے کے گھی سے نگل لیا کریں انشاء اللہ دوبارہ مرض نہ آئے گی۔ تجربہ شدہ ہے۔

جادوا ثر سفوف اطفال

بچوں کے لئے یہ جادوا ثر سفوف مفید و آزمودہ اور بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔ ریوند چینی پانچ تولہ، سونٹھ ایک تولہ، سوڈا بائیکارب دو تولہ۔ سب کو کوٹ چھان کر مکس کر کے بحفاظت رکھیں۔ خوراک اس کی دو رتی ہے۔ بچوں کے اکثر امراض مثلاً بدہضمی، قے دست اور قبض میں مفید ہے۔ پہلے اس سفوف سے اجابت صاف ہوتی ہے۔ اس لئے قبض میں مفید ہے اس کے بعد ریوند چینی کے اندر ٹینک ایسڈ ہونے کی وجہ سے دستوں کو بند کرتا ہے۔ بعض بچوں کو صرف پیٹ کی خرابی سے بخار ہو جاتا ہے۔ نفخ شکم اس کی علامات ہیں۔

Scanned by CamScanner

ں صورت میں بخار کے لئے یہی سفوف کافی ہے تجربہ شدہ ہے۔

خارش ترکا تیر بہدف علاج

اس دوا سے تین ہی روز میں بحکمِ خدا خارش دور ہو جاتی ہے۔ یہ خارجی
یہ علاج ہے۔ روغن سرسوں آدھا پاؤ، مرچ سرخ معہ ڈنڈی پانچ عدد، منسل
ایک تولہ۔ پہلے پتیلی میں تیل سرسوں کو جوش دیں۔ جب مرچ جل کر سیاہ
ہو جائے تو دیگچی کو آگ سے اتار لیں۔ اور مرچ سوختہ کو اس میں سے بآسانی
نکال لیں۔ اور ایسا نہ ہو کہ مرچ پھٹ جائے یا اس میں سوراخ ہو جائے
ورنہ جلن ہو گی۔ جب تیل ٹھنڈا ہو جائے تو منسل مذکور کو سفوف کر کے اس میں
ملائیں۔ اور مرغی کے پَر سے خارش پر استعمال کریں۔ تجربہ شدہ ہے۔

داڑھ کے کیڑے کا بے خطا علاج

یہ علاج کئی مرتبہ آزمایا گیا اور بحکم خدا صحیح ہوا بھلاوہ چوتھائی، چھالیہ
چوتھائی دونوں کو پھونک کر باریک کر کے اور چاروں قسم کے نمک، الائچی
خورد، دار چینی، لونگ تھوڑی خوب باریک پیس کر سب کو ملا کر لیں۔
ان میں دو مرتبہ داڑھ کے اندر بھر دیں۔ ایک دن میں بحکمِ خدا قطعی آرام
ہو جائے گا۔ تجربہ شدہ ہے۔

اکسیر معدہ

یہ اکسیر غذا کو ہضم کرتی اور پیٹ کے اپھارہ کو دور
کرتی ہے۔ معدہ کے تمام امراض کو فائدہ مند ہے۔

Scanned by CamScanner

بھوک کو خوب کھولتی ہے۔ اس کا نسخہ یہ ہے۔ گندھک آملہ سارا اور جوہر نوشادر ہر ایک ایک تولہ ان کو خوب باریک کر کے آپس میں ملالیں۔ پھر اس کو پہلے مولی کے پانی پانچ تولہ اور پھر سرکہ پانچ تولہ میں خوب کھرل کر کے خشک کر لیویں۔ بعدہٗ ست اجوائن اور ست پودینہ ایک ایک ماشہ ڈال کر مکس کر کے بحفاظت شیشی میں ڈال کر رکھیں۔ خوراک دو یا چار رتی بعد غذا استعمال کریں۔ تجربہ شدہ ہے۔

کھوکھلے دانتوں میں کیڑا لگے ہوئے کو فائدہ دینے والی اکسیر

دانتوں کا درد یعنی داڑھ کا درد انسان کو بے حد پریشان کرتا ہے یہ وہ موذی درد ہے کہ انسان ترا ہی ماں پکار اٹھتا ہے۔ نیچے ایک ایسی دوائی کا نسخہ لکھا جاتا ہے جس کے استعمال سے روتا ہوا انسان بھی ہنستا ہوا واپس جاتا ہے۔ نسخہ اکسیر درد دانت یہ ہے۔ کریا زوٹ آئل پی پی کوالٹی ایک اونس، لونگ کا تیل ایک اونس، مشک کافور ایک اونس، فینول ایک اونس۔ چار اونس کی شیشی لے کر اس میں مذکورہ چاروں ادویہ اکٹھی مکس کر لیں۔ بس اکسیر درد دانت تیار ہے۔ اس میں روئی کا پھاہا تر کر کے کھوکھلے دانت میں رکھیں۔ اور منہ کو ڈھیلا چھوڑ کر منہ سے رال ٹپکنے دیں۔ منٹوں میں ہی درد بند ہو جائے گا۔ جادو کا سا اثر دکھانے والی دوائی ہے۔ اس دوا کا پھاہا صرف کھوکھلے دانت میں ہی رکھیں۔ منہ یا مسوڑوں اور

Scanned by CamScanner

منہ کے کسی حصہ پر نہ لگنے دیں۔ تجربہ شدہ ہے۔

داد کا اکسیری علاج

اس دوائی کو دو دفعہ سے زیادہ لگانے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ تجربہ شدہ ہے۔ صندل سرخ، سہاگہ تیلیا اور افیون ہر ایک چھ ماشہ ان کو باریک کر کے آبِ لیموں کاغذی میں کھرل کر کے مقام داد کو کھجلا کر اور جو پانی نکلے صاف کر کے دوا لگا کر آگ سے خشک کریں۔ مگر خیال رہے کہ پانی نہ لگے۔ دو دفعہ سے زیادہ لگانے کی ضرورت نہ ہوگی تجربہ شدہ ہے

دیگر

کافور ایک تولہ، کندھ گ زرد ایک تولہ دونوں کو خوب پیس کر مٹی کے تیل میں ڈال کر گاڑھا کر کے مثل ٹکی کے بنائیں۔ تب داد کو خوب کھجلا کر اچھے طور سے لگا دیں۔ ایک ہی دن میں اچھا ہوگا۔ مگر ایک ہفتہ تک پانی نہ لگنے دیں۔ مجرب ہے۔

مرگی کا علاج

گاجر کے پھول ایک ماشہ روزانہ تین ماہ تک کھلائیں۔ مرگی بحکم خدا ہمیشہ کے لئے دور ہو جائے گی۔

(۲) یہ بھی مرگی کے لئے اکسیر ہے۔ آک کا دودھ چالیس دن تک پاؤں

کے تلوؤں سے مل کر اس پر کالی مرچ کا سفوف چھڑک کر اک کا پتہ باندھ دیں پھر انشاء اللہ کبھی بھی مرگی کا دورہ نہ ہوگا۔

(۳) برگ مشق پیچہ کے عرق میں سفید کھونگی کھرل کر کے سفوف کر لیں۔ مریض کو دو تین روز نسوار دیں۔ دو کیڑے ناک سے گر کر ہمیشہ کے لیے صحت ہو جائے گی۔

سفوف برقان

پھٹکری گلابی اور کوڑ بوٹی ہر ایک چھٹانک چھٹانک لے کر ہر دو کو سفوف کر لیں۔ خوراک چھ ماشہ نہار منہ گائے کی دہی کی لسی کے ہمراہ استعمال کریں۔ سات یوم کے لئے کافی ہے پیشاب کثرت سے خارج ہوگا۔ ہر قسم کے یرقان میں مفید ہے۔

پیٹ کے کیڑوں کا سر قلم کرنے کے لئے اکسیری حبوب

یہ حبوب پیٹ کے کیڑوں کا سر قلم کرنے کے لیے تجربہ شدہ حبوب ہیں۔ کندھک آملہ مدبر پانچ تولہ، منگاں پانچ تولہ، آب لیموں ایک سیر۔ گندھک اور منگاں کو کوٹ کر باریک کر کے آب لیموں میں کھرل کریں۔ جب حب یعنی گولی بننے کے قابل ہو تو چنے برابر گولیاں یعنی حبوب بنا لیں۔ ایک حب صبح ایک دوپہر اور ایک شام کو دیں تجربہ شدہ ہے۔

.....

Scanned by CamScanner

عورتوں کی بیماریاں

حمل کا گرنا

جن عورتوں کا حمل گر جاتا ہو وہ اس اکسیری نسخہ کو استعمال کریں تجربہ شدہ ہے۔ کستوری ایک تولہ، کچورا ایک تولہ، ہینگ ڈیڑھ ماشہ، طباشیر چھ ماشہ، برگ مہندی آدھ تولہ، منڈی چھ ماشہ، موتی ناسفتہ ڈیڑھ ماشہ پہلے موتیوں کو روح کیوڑہ یا عرق گلاب میں کھرل کر کے باریک کریں۔ بعدہٗ کستوری ملا کر کھرل کریں۔ باقی ادویات باریک کر کے ملا کر یعنی مکس کر کے گوند کے پانی کے ہمراہ چنے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح اور ایک شام کو حاملہ عورت پانی کے ہمراہ کھاتی رہے۔ جماع سے پرہیز رکھیں۔ ہوا خوری کیا کریں۔ تجربہ شدہ ہے

حیض کی کمی

سوہاگہ ایک تولہ، ہینگ چھ ماشہ، کشتہ فولاد چھ ماشہ سب کو ملا کر دو دو رتی کی گولیاں بنالیں۔ جب عورت کے حیض کے دن قریب آویں۔ تو دو چار دن پہلے سے صبح کو دو گولی اور رات کو دو گولی کھلا دیا کریں۔ اس مرتبہ حیض کھل کر آوے گا۔ دو تین ماہ ایسا کریں عورت کا جسم مثل کندن بن جائے گا۔

دیگر:۔ پوست ریٹھے کرایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں۔ دو دو گولی صبح و شام ہمراہ پانی کھلائیں۔ لیکن دوران ایام یہ دوائی استعمال نہ کرائیں

دیگر:۔ ایتھی سیٹرون یعنی منسٹروبن گولیاں بند حیض و کمی حیض کے لئے مفید ہیں۔ متھرجین گولیاں اور ٹیکہ بھی مفید ہے۔ ای تھیس زون کماؤنڈ بھی مفید ہے۔

Scanned by CamScanner

کثرت حیض سنگجراحت آٹھ ماشہ، کافورد و ماشہ، کوکین و مارفیا ایک ایک ماشہ۔ سب کو باریک کرکے لعاب بہیدانہ کے ساتھ چنے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک صبح و شام پہلے نصف گولی پھر بڑھا کر ایک ایک گولی کھلائیں۔

دیگر گائی زہ جلین یعنی ارگوٹامین گولیاں مفید ہیں۔

لیکوریا انٹی بایوٹک ادویات استعمال کریں۔ اندام نہانی کی خارش دور کرنے کے لئے ڈیکٹا کارٹرل گولیاں اور لگانے کے لئے انٹرالانم مرہم استعمال کریں۔ اندام نہانی میں بوجہ لیکوریا خارش کے لئے پریڈنی سولون گولیاں مفید ہیں

چھاتیوں میں دودھ کی کمی آکس ٹاسن ایک ٹیکہ روزانہ تین یوم تک۔ زہرہ سفید، چاول کا آٹا، اور دودھ شامل کرکے حریرہ بنا کر عورت کو پلاوے اور یہ طریقہ سات روز برابر جاری رکھے۔ دودھ کے پیدا ہونے میں زیادتی ہوگی۔

ماہواری کا درد کوڈو پائرین گولیاں اور بیلا ڈونا گولیاں مفید ہیں۔

رحم منہ کی سوزش ایس۔ وی۔ سی ود گولیاں سوتے وقت اندام نہانی میں رکھیں۔ فلے چل یعنی میٹرونائیڈ ازول گولیاں سات یوم تک کھلائیں۔

سن یاس کی بیماری سن یاس تقریباً پنتالیس سال کی عمر تک ہوتا ہے۔ عورتوں کی ماہواری بند ہو جاتی ہے

Scanned by CamScanner

سر چکرانا ، گھبراہٹ ، اختلاج قلب اور پریشانی وغیرہ میسٹو ویرون یعنی میتھائل ٹیسٹوزون گولیاں یا میٹلا بڈ یعنی آنسو پرو پا مائیڈ کمپاونڈ گولیاں مفید ہیں۔

شرمگاہ کی خارش

الٹرالانم مرہم دو مرتبہ لگائیں ۔ ویلرگان گولیاں کھلائیں ۔ یا ڈیکسامیتھاسون گولیاں بھی مفید ہیں

حمل میں قے آنا

اگر لیکوریا کی شکائت ہو تو لیکوریا کے لئے ایس وی سی کی گولیاں اندر رکھیں سیٹلازین گولیاں ، پروکلورپیرازین گولیاں اور ایکولاکین گولیاں مفید ہیں ۔

جننے کا درد

کوڈین کمپاونڈ گولیاں اور سیلا مائیڈ گولیاں مفید ہیں ۔ ارگومیٹرین ملی ریٹ گولیاں ولادت میں آسانی کے لئے اکسیر اعظم ہیں ۔ رحم کو سکیڑنے اور جلد بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں ۔ بچہ کی پیدائش کے بعد کے خون کو بھی بند کرتی ہیں ۔

بھٹنی کا درد

الٹرالانم مرہم دن میں تین دفعہ عورت کے نپل پر لگائیں اور سلفاڈایازین گولیاں کھلائیں ۔

رحم کا کم سکڑنا

ارگومیٹرین گولیاں یا می تھرجین یعنی می تھائیل ارگومیٹرین گولیاں مفید ہیں ۔

وہائٹ لیگ

یہ عورتوں میں پائی جانے والی بیماری کا نام ہے ۔ اس کی علامات کچھ اس طرح کی ہیں کہ بچے کی پیدائش یعنی زچگی کے بعد دیکھی جاتی ہے ۔ بائیں ٹانگ میں زیادہ پائی جاتی ہے ۔ عام طور پر دسویں دن کے قریب ٹانگ متورم ہونے لگتی ہے ۔

Scanned by CamScanner

ٹانگ دُکھتی ہے ۔ ہلکا بخار ۔ ٹانگ وزنی اور عضلات میں سختی وغیرہ پیراسیٹا مول یا سیپٹرون گولیاں دیں ۔ مفید ہیں ۔

مردوں کی مخصوص بیماریاں

ذکاوتِ حس

یاد رکھیں جب تک دکاوتِ حس روزانہ ہوگی اور علاج سے پہلے آپ تمام بُرے افعال اور گندے خیالات کو دل سے نکال کر توبہ نہیں کریں گے اس وقت تک کوئی علاج کارگر نہ ہوگا ۔

کافور دیسی ، ایکسٹریکٹ بیلاڈونا ، کشتہ سہ دھاتہ ، قلمی شورہ ہر ایک چھ ماشہ ، افیون خالص ڈیڑھ ماشہ ۔ سب کو باریک پیس کر لعاب گوند کیکر کے ساتھ دو دو رتی کی گولیاں بنالیں ۔ دو گولی صبح اور دو گولی شام ہمراہ پانی ۔ دو تین ہفتہ متواتر استعمال کرنے سے ذکاوتِ حس دور ہونے کے ساتھ ساتھ بحکم خدا احتلام و جریان اور سرعت انزال کی شکائت بھی دور ہو جائے گی ۔ اس دوا کو استعمال کرنے کے بعد اگر احتلام کی شکائت باقی رہے تو احتلام دور کرنے کی دوا استعمال کریں ۔ اگر جریان کی شکائت معلوم ہو تو اس کی دوا استعمال کریں ۔ بعد کو مقوی باہ دوا استعمال کریں ۔

احتلام

مغز تخم توری تلخ ، مغز تخم تمر ہندی ، افیون ہر ایک مساوی الوزن لے کر خوب باریک کر کے مومیائی گیکر کی سے گولیاں بقدر نخود بنا کر ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ پانی استعمال کریں ۔

Scanned by CamScanner

بحکم مذکورہ تین دن میں احتلام دور ہوگا مگر سات روز تک ضرور دوائی استعمال کریں۔ تجربہ شدہ ہے۔

جریان مرض جریان دور کرنے کے لئے بارہا دفعہ کا تجربہ شدہ ہے۔ تلعی مصفیٰ، سکہ مصفیٰ، پارہ ہر ایک ایک تولہ، سرد چینی، طباشیر، دانہ الائچی خورد، تج ہر ایک آدھ آدھ چھٹانک۔ پہلے تلعی اور سکہ آگ پر پگھلا کر ملالیں۔ پھر فی الفور پارہ ڈال دیں۔ تاکہ ایک گلٹکہ سا بن جائے۔ اب اس گلٹکہ کو لے کر کھرل میں خوب باریک پیس لیں۔ سیاہ رنگ کا سفوف بن جائے گا۔ پھر دوسری ادویات باریک شدہ ڈال کر یکجان کر کے سب کو شیشی کو بحفاظت رکھیں۔

خوراک ایک ماشہ صبح دودھ کی لسی کھانڈ ملی ہوئی سے دیا کریں۔ دو ہفتہ متواتر استعمال کریں۔ تجربہ شدہ ہے۔

سرعتِ انزال کیترا، صمغ عربی، اصل السوس، نشاستہ ہر ایک ایک تولہ، بسد، مروارید، کہربا، یاقوت سرخ ہر ایک دو ماشہ، افیون ہر ایک تولہ، بہمن سرخ ایک تولہ۔ سب ادویہ کو کوٹ پیس کر لعاب اسپغول سے سحق کر کے گولیاں بقدر دانہ مونگ بنالیں۔ خوراک ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ شیر گاؤ۔ سرعت انزال، ذکاوتِ حس اور احتلام کے لئے نہایت مفید ہیں۔

نامردی اس کو ضعفِ باہ بھی کہتے ہیں۔ اصل مرض کے سبب کو دریافت کر کے رفع کریں۔ سب سے پہلے عام جسمانی

Scanned by CamScanner

کمزوری دور کریں ۔ جب تندرستی بحال ہو جائے تو حسبِ ذیل مقوّی ادویات میں سے حسبِ حال ادویہ کا استعمال کریں ۔ بحکمِ خدا کامل شفا ہوگی۔

(۱) ٹنکچر آف سٹیل دس منم ، لائیکو آر سینی کیلس پانچ منم ، ٹنکچر آف نکس وامیکا دس منم ، ٹنکچر آف کنتھیریڈیز پانچ منم ، ایکوا ایڈ ایک اونس ایسی ہی ایک خوراک دن میں دو بار بعد غذا دیں ۔

(۲) ثعلب مصری ایک تولہ ، ریگ ماہی دو تولہ ، بیز بہوٹی چار تولہ ، جدوار خطائی چھ ماشہ ملیٹھا تیلیہ سفید ایک ماشہ ، افیون ڈیڑھ ماشہ ۔ سب کو باریک پیس کر ادرک کے عرق میں کھرل کر کے چنے برابر گولیاں بنائیں ۔ اور ایک یا دو گولی دیں اور اوپر سے دودھ پلائیں ۔ مقوی دمسک اور سریع الاثر ہیں ۔

اکسیر آتشک

اس مرض کی پہچان کے لئے مختصر علامات یہ ہیں ۔ پہلے عضو تناسل پر ایک پھنسی نکلتی ہے ۔ اس پھنسی میں نہ تو درد ہوتا ہے اور نہ پیپ صرف دبانے سے ذرا سا پانی رستا ہے ۔ پھر خود بیماری غائب ہو جاتی ہے ۔ کچھ عرصہ بعد جسم کے مختلف حصوں پر قسم قسم کے دانے نکلتے ہیں ۔ جو کہ خود ٹھیک ہو جاتے ہیں ۔ اور پھر نکلتے ہیں اس طرح منہ کے اندر بھی زخم ہو جاتے ہیں ۔ آتشک کی بیماری اندر ہی اندر جسم و جان کو گھن کی طرح کھا جاتی ہے ۔ ایکزوماسین مفید دوائی ہے ۔ دیگر بیس سیر گائے کے دودھ میں عشبہ ایک پاؤ ، چوب چینی آدھا پاؤ ، شاہترا ایک پاؤ ، چرائتہ ایک پاؤ ، سنا مکی ایک پاؤ ، بنفشہ ایک چھٹانک

Scanned by CamScanner

گلاب کے پھول آدھا پاؤ ملا کر یعنی سب کو ملا کر کسی عطّار سے عرق کشید کرائیں۔ ہر روز دس تولہ عرق صبح کو نہار منہ تا صحت نوش کریں۔ دوا سے اجابت ہر روز ہوا کرے گی۔ صبح اسہال کے بعد چاول نمک ملا کر اور روٹی گھی سے چپڑ کر کھایا کریں آتشک کے لئے اکسیر ہے۔

اکسیر سوزاک

مرض سوزاک کی علامات پیشاب کی نالی میں جلن سوزش، ورم اور زخم ہو جاتے ہیں۔ پیشاب لگ کر جلن کے ساتھ آتا ہے۔ سلفاڈایازین گولیاں اور ریڈرمائی سین کیپسول مفید ہیں۔ دیگر سوزاک کا اکسیری نسخہ یہ ہے۔

گندہ بیروزر دو تولہ، سلاجیت ایک تولہ، گلو کا آٹا ایک تولہ، دانہ الائچی چھوٹی چھ ماشہ، لوبان یعنی کوڑیہ چھ ماشہ، کشتہ قلعی چھ ماشہ۔ سب کو کوٹ کر آپس میں ملا کر لعاب اسپغول یا بہیدانہ کے ساتھ چنے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک دو گولی صبح دو دوپہر اور دو گولی شام کو ہمراہ چھاچھ لسّی دو ہفتہ متواتر کھلائیں۔ تجربہ شدہ ہے۔

Scanned by CamScanner

باب ۱۰

طلسمات تردید سحر

اس طلسم کو مشک وزعفران سے اصولی طور پر لکھ کر مسحور کے گلے میں ڈالیں بحکم خدا ہر طرح کا سحر و جادو دفع ہو جائے گا۔ اس طلسم کی یہ بھی خاصیت ہے کہ جس کے گلے میں ہو گا اس پر کسی کا سحر و جادو اثر نہ کرے گا۔ مجرب اور تجربہ شدہ ہے۔ طلسم یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۲۵۹۴	۲۵۹۷	۱
۲۵۹۶	۲	۷	۲۵۹۵
۳	۲۵۹۹	۲۵۹۲	۶
۲۵۹۳	۵	۴	۲۵۹۸

طلسم برائے باطل سحر

دفع سحر و جادو سے اس طلسم کو لکھ کر مسحور کے گلے میں ڈالیں اور یہی طلسم سات روز تک نہار منہ سات یوم تک شربت بنات میں دھو کر پلاویں۔ بحکم خدا ہر طرح کا سحر و جادو باطل ہو کر مریض صحت پائے گا۔ طلسم آگے

Scanned by CamScanner



طلسم برائے دفع سحر

جس شخص پر جادو کیا گیا ہو۔ اُسے حسبِ ذیل طلسم پیالے میں تحریر کر کے گھول کر پلاؤ۔ متواتر تین دن تک یہ عمل جاری رکھو۔ بحکم خدا اور فیض حضرت خواجہ حفیظ اللہ صاحب مرحوم جادو کا اثر زائل ہو جائے گا۔

۷۸۶

یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
یا رحمٰن	یا کریم	یا اللہ	یا علی	یا رحمٰن	یا عمال
ام	بلدہ	علی	علی	علی	علی
ع	ع	مجید	ح	ی	ی
لا الٰہ	الا اللہ	محمد	رسول	اللہ	۴۱
علی	ولد	م	م	م	م

Scanned by CamScanner

طلسم برائے دفع سحر و سایہ و آسیب ہر قسم

اس طلسم سے بحکمِ خدا ہر قسم کا سحر و جادو اور سایہ و آسیب دور ہو کر مریض چنگا بھلا اور تندرست ہو جاتا ہے۔

ترکیب اس کی یوں ہے کہ ایک سفید کاغذ لے کر بیمار کے سارے بدن پر ملو۔ یہاں تک کہ بدن کا کوئی حصہ رہ نہ جائے۔ پھر اس کاغذ پر جب ذیل طلسم وغیرہ تحریر کر کے بتی بناؤ۔ اور چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر وہ بتی جلاؤ۔ اور بیمار سے کہو کہ وہ بتی کی طرف نظر رکھے۔ بحکمِ خدا تھوڑی ہی دیر کے بعد سحر آسیب ہر قسم کا سایہ دور ہو کر مریض تندرست ہو جائے گا۔ طلسم یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۱۶	۵

فرعون علیہ اللعنت ۔ نمرود علیہ اللعنت ۔ شداد علیہ اللعنت ۔ قارون علیہ اللعنت ۔ ابلیس علیہ اللعنت

دیگر

حسب ذیل طلسم کاغذ پہ تحریر کر کے بتی بناؤ۔ اور چراغ میں سرسوں

Scanned by CamScanner

کا تیل ڈال کر جلاؤ۔ اس کے جلتے ہی آسیب، جن، بھوت دور ہو جائے گا۔ نہائت مجرب ہے۔ طلسم یہ ہے۔

۱۱	ح	۱۱	۱۱
۱۳	۱۳	۱۳	۱۳
۶	۳	۶	۱۶
۱۶	۱۵	۱۶	۱۵

دیگر

اگر کسی شخص کے مکان میں اینٹیں برستی ہوں تو حسبِ ذیل طلسم لکھ کر پانی دھو ڈالو اور تمام گھر میں چھڑکاؤ کرو بحکمِ خدا اینٹیں برسنا بند ہو جائیں گی۔ تجربہ شدہ ہے۔

۷۸۶

ف	الم اع	ع	وی
ف	ل	ک	۷
ک	د	م	ق
۱۲۷	۷	بدوح	بدوح

تشخیص آسیب زدہ کیلئے

آسیب زدہ کے واسطے اس طلسم کو لکھ کر پہلے مریض دانتوں کی اللی طرف رکھے۔ آسیب اسی وقت حاضر ہو دے گا۔ اور اگر نہ آوے تو سیدھی طرف رکھے۔ آسیب حاضر ہو کر باتیں کرے گا۔ اس سے قول و قرار لے کر چھوڑ دے۔ اور جو جلد اس قتیلہ کو لکھ کر معہ اسماء موکلوں کے جلاوے تو آسیب بھی جل جائے گا۔ طلسم یہ ہے۔



اور واسطے جلانے آسیب کے فتیلہ یہ ہے۔



Scanned by CamScanner

آسیب دور ہو

جمعرات کی رات کو کڑوے تیل پر "یا قہار" یا جبار" ایک ہزار بار پڑھیں۔ اور پھر وہ تیل چراغ میں ڈال کر اسے جلائیں۔ چراغ مٹی کا بنا ہوا ہونا چاہیے اور بتی بھی نئی روئی کی ہو۔ پھر چراغ روشن کریں اور مریض یا مریضہ کو قریب بٹھائیں۔ تو جن یا آسیب جو کچھ بھی ہوگا جل جائے گا نہایت مفید اور عجیب ہے۔ جس نے کبھی خطا نہیں کی اور ہر بار کامیاب ثابت ہوا۔ بڑا قیمتی عمل ہے۔

طلسم برائے دافع سحر و آسیب ہر قسم

آسیب یا جادو کے بیمار کے لئے یہ طلسم پڑھ کے بیمار سے کہو کہ وہ اس طلسم کو داہنی جانب داڑھ کے نیچے رکھ کر دبائے۔ آسیب آحاضر ہوگا۔ اس سے قول و قرار لے کر چھوڑ دو۔ لیکن اگر آسیب حاضر ہو کر بات نہ کرے تو پھر بیمار سے کہو کہ طلسم کو بائیں جانب داڑھ کے نیچے رکھ کر خوب دبائے بحکم خدا آسیب آموجود ہوگا۔ اور بات کرے گا۔ جوں جوں بیمار طلسم کو دانتوں میں دبائے گا۔ آسیب سخت مضطرب ہو کر منتیں کرے گا۔ قول و قرار لے کر چھوڑ دو۔

طلسم آگے

	یابدوح		۰
یابدوح	یابدوح	یابدوح ۷۶ یابدوح	یابدوح
	یابدوح ۸		
	یابدوح	۲۲ یابدوح	
	۹	یابدوح ۱۰	
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح

اگر وہ بیمار کو چھوڑنے میں پس وپیش کرے اور نہ جائے تو اسی وقت فتیلہ لکھ کر روشن کرو ۔ بلاشک وشبہ آسیب جل کر نابود اور بیمار بحکم خدا تندرست ہو جائے گا۔ تجربہ شدہ ہے ۔ فتیلہ لکھ کر روشن کرو

ابلیس وابوجہل ہا مان قاردن ملعون ۔

طلسم برائے دفع آسیب ہر قسم

طلسم ذیل کی بدولت خواہ کیسا ہی سخت اور کسی بھی قسم کا آسیب ہو گا ۔ اگر اس طلسم کو نکھ کر آسیب زدہ کے گلے میں باندھ دیا جائے گا، تو بحکم خدا

Scanned by CamScanner

آسیب ہر قسم ضرور دفع ہو جائے گا۔ تجربہ شدہ ہے۔

۷۸۶

۲۳	ی ۲	ع ۳	ا ی	۱۷
۲۶	۲۷	۱۸	۲ ی	۳۰
۱۹	۱ ع	۳۱	۲۲	۳۸
۲۷	۲۳	۳۹	۲۰	۲۶
ی	۲۱	۳۸	۲۲	۳۴

طلسم برائے سوختن آسیب زبردست

از حضرت خواجہ حفیظ اللہ رح۔ سب سے پہلے سوا پانچ سیر کوئلہ دھوکر سکھاوے۔ اور ایک سیوچہ گلی میں آبِ نار سیدہ ملا کر ایک سو ٹکڑے کرے ایک نقش چونتیس والا یعنی نقش مربع اور سو ٹکڑوں پر مثلث آتشی یعنی نقش مثلث لکھے۔ چونتیس والا مربع لکھ کر شیرینی سوا سیر پر فاتحہ حضرت غوث کی کر کے فلیتہ روشن کرے۔ اور باقی مثلث کو آگ اسی کوئلہ کی کر کے اس میں مریض کے سر سے اتار اتار کر ڈالتا جاوے۔ بحکم خدا آسیب جل جائے گا۔ بلکہ آسیب کے جلنے کی بُو تک آوے گی۔ خوشبویات مثلاً لوبان صندل اور اگر جلانا ہو گا۔ اور آسیب زدہ کو سامنے بٹھانا ہو گا۔

نقش مثلث اور نقش مربع اگلے صفحہ پر

Scanned by CamScanner

نقش مربع

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نقش مثلث

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

طلسم برائے تردید سحر

درج ذیل طلسم تردید سحر بحکم خدا ہر قسم و ہر نوعیت اور ہر طرح کا جادو سایہ وغیرہ دور کرنے کی اہلیت رکھتا ہے۔ اس طلسم کو اصولی طور پر لکھ کر یعنی پُر کر کے گلے میں ڈال لینا چاہیے۔ اور اگر گھر کے اندر یا گھر کے کسی فرد یا گھر کے زیادہ افراد کو خلل سحر و آسیب وغیرہ کا ہو یا سایہ بھوت پریت و جن وغیرہ کا ہو تو پورے اکتالیس دن ہر روز ایک عدد طلسم لکھ کر ہر روز گھر کے سارے افراد کو صبح نہا منہ پلایا کرے۔ مگر تھوڑا سا پانی بچا لینا چاہیے۔ اس میں مزید سادہ پانی ڈال کر گھر کی چار دیواری کے اندر ہر جگہ چھینٹے مارے جائیں۔ یہ سب کام پورے چالیس یوم کرنا ہوگا۔ از اجازت حضرت خواجہ حفیظ اللہ صاحب بڑیلا شریف ضلع گوجرانوالہ

طلسم یہ ہے

قل ھو اللہ	اللہ الصمد	کفوا احد	احد
اللہ الصمد	ولم یکن لہ	لم یلد	احد
قل ھو اللہ	قل ھو اللہ	کفوا احد	احد
لم یلد	احد	قل ھو اللہ	قل ھو اللہ

ابوجہل۔ شداد۔ فرعون۔ نمرود لعنت اللہ علی الکاذبین۔

Scanned by CamScanner

باب ۱۱

زندہ طلسماتِ مصر

زندہ طلسماتِ مصر چونکہ آخری باب ہے۔ لہٰذا جہاں اس میں نئے رموزات سپردِ قلم کیے جاویں گے وہاں متفرقات یعنی ہر طرح کے ملے جلے عملیات و تعویذات کتاب ہذا کی زینت بناتے ہوئے پہلے تمام ابواب میں درج کیے گئے رموزات کے مقابلے میں نئے رموزات کرم فرماؤں کی نظر کروں گی

طلسم تسخیرِ ہمزاد

اس باب کا آغاز طلسم تسخیر ہمزاد سے کیا جاتا ہے۔ دنیا کے کسی کام میں تشویش ہو۔ کسی بھی قسم کی امداد کی ضرورت ہو۔ غرضیکہ دنیا کا ہر کام بالکل چٹکی بجانے میں ہمزاد کر سکتا ہے۔ اپنے پیر و مرشد حضرت خواجہ حفیظ اللہ مرحوم و مغفور کا عطا شدہ طلسم نظرِ عام کیا جاتا ہے۔ جو کہ بحکم خدا ہر طرح سے صحیح اور تجربہ شدہ ہے۔

نیا چاند دیکھنے پر جو پہلی جمعرات آئے اس طلسم کو شروع کر دیں۔ ایک پیالہ میں سرسوں یا السی کا تیل بھر کر موٹی سی بتی اس میں ڈال دیں۔ بالکل پاک صاف اور بے نشیب و فراز کی زمین ہو۔ طلسم پڑھنے کی جگہ ایک علیحدہ

Scanned by CamScanner

مکان ہو کہ جس میں کوئی دوسرا شخص نہ آئے۔ بالکل تنہائی ہو۔ چراغ جلا کر
اپنی پشت پر رکھو تاکہ تمہارا سایہ تمہارے سامنے پڑے۔ اپنے سایہ کو نہائت
غور سے دیکھیں۔ اور طلسم پڑھتے ہوئے قصداً ہلتے جاؤ تاکہ سایہ بھی حرکت
کرے۔ متحرک سایہ پر نظر جماتے ہوئے اس طلسم کو روزانہ تین سو ساٹھ (۳۶۰)
مرتبہ پڑھو۔ اور دورانِ عمل گوشت ہر قسم کا۔ پیاز، مولی، اور لہسن کا
پرہیز کرو۔ پہلے چلہ میں تم حرکت کرو گے سایہ ساکن رہے گا۔ دوسرے چلہ
میں تم کو احساس ہونے لگے گا کہ کوئی دوسرا بھی یہاں ہے۔ تیسرے چلہ میں
ہمزاد سامنے آجائے گا۔ اس سے اقرار لے لو کہ میرے پاس حاضر رہا کرو
اور بطور ضمانت کوئی شے اس سے لے لو۔ اور کوئی شے اپنی تم کو دے
دے گا۔ جب وہ شے تمہارے پاس ہے۔ ہمزاد تمہارا تابع ہے خیال
رہے ہر چلہ پورے چالیس یوم کا ہے۔ تین چلوں یعنی پورے ایک سو بیس
دنوں کا طلسم ہے۔ جب تیل یا بتی ختم ہو جایا کرے تو تیل بتی ڈال دیا کرو۔
طلسم پڑھنے کا وقت خاص رات کے بارہ بجے سے نماز صبح تک ہے۔

طلسم یہ ہے۔ الم تر الیٰ ربك من الظل ۲۰ ولو شاء لجعل ساکنا ۲۰
ثم جعلنا الشمس علیه ۵ قبضا یسیرا ۵ وانشکن
یاظل والتعنی بحق هٰذا القرآن۔

نوٹ:۔ الٓمٓ سے لے کر لسیر تک قرآن پاک کی آئت ہے جو کہ پارہ ۱۹،
سورت فرقان شروع رکوع ۳ میں ہے۔

Scanned by CamScanner

ہر سوال کا جواب ملے

یہ علم جفر ہے۔

سوال :۔ فلاں شخص مجھے دوست رکھتا ہے یا نہیں ؟

جواب :۔ طالب و مطلوب ہر دو کے نام کے عدد جمع کر کے چار پر تقسیم کریں اگر باقی ایک رہے تو دشمن اور دو بچیں تو دوست اور تین باقی رہیں تو منافقانہ دوستی ۔

س :۔ مجھے مقدمہ میں جیت ہو گی یا ہار ہو گی ۔

ج :۔ مدعی اور مدعا علیہ کے نام حروف ابجد نکالے۔ انہیں الگ الگ جمع کریں۔ اب ان میں سے ہر ایک کو نو پر تقسیم کریں ۔ اور دونوں باقیوں کا مقابلہ کریں ۔ بس کم باقی کامیاب رہے گا۔ اور دوسرے کا نام بشرطیکہ دونوں کی باقیاں طاق ہوں یا جفت ۔ اور اگر ایک کی طاق ہو اور دوسرے کی جفت تو بڑے عدد والا جیت جائے گا۔ اگر برابر ہو تو کم عمر والا جیتے گا ۔

س :۔ غائب پھر آئے گا یا نہیں ؟

ج :۔ سوال کرنے کے دن کے حروف بحساب ابجد جمع کریں۔ اور ان کو تین پر تقسیم کریں ۔ اگر ایک باقی بچے تو غائب پھر آئے گا۔ اگر دو بچیں تو بہت جلد آئے گا۔ اور اگر باقی کچھ نہ بچے تو غائب دیر کے بعد واپس آئے گا ۔

Scanned by CamScanner

س :۔عورت پہلے مرجائے گی یا مرد؟

ج :۔ عورت و مرد کے نام کے حروف جمع کر کے دو پر تقسیم کریں اگر ایک بچے تو عورت پہلے مرجائے اور اگر دو بچیں تو مرد۔

س :۔ غائب کس طرف گیا ہے۔

ج :۔ غائب شدہ اس دن کے حروف جس دن سوال کیا گیا ہے جمع کر کے چار پر تقسیم کریں۔ اگر باقی ایک رہے تو مشرق کی طرف اگر دو بچیں تو مغرب کی طرف اگر تین بچیں تو جانب شمال اگر چار بچیں تو جنوب کی طرف۔

س :۔ حاملہ عورت کا لڑکا ہوگا یا لڑکی؟

ج :۔ حاملہ اور روز سوال کے حروف کے عدد جمع کر کے تین پر تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے تو لڑکا۔ دو بچیں تو لڑکی اگر تین بچیں تو حاملہ کا حمل اسقاط ہو جائے گا۔ لڑکا یا لڑکی کی شناخت کرنے کا ایک اور طریقہ بھی ہے۔ اگر کوئی شخص یہ دریافت کرے کہ میرے گھر لڑکا ہوگا یا لڑکی تو آپ اس سے یہ دریافت کریں کہ حمل بھی ہے یا نہیں۔ اب تم یہ معلوم کرو کہ سائل تمہارے منہ کی طرف بیٹھا ہے یا تمہارے سر کی طرف۔ اگر وہ بندہ سر کی طرف بیٹھا ہے کہ کہہ دو کہ نہیں۔ اگر سائل کے وقت تمہارا سورج سر چلتا ہو اور سائل کا بھی چلتا ہو تو ضرور بحکم خدا لڑکا پیدا ہوگا۔ اگر سائل کا بایاں چلتا ہو اور تمہارا دایاں سُر چلے تو کم عمر لڑکا پیدا ہوگا۔ حمل فرزند میں داہنی طرف میں مال بوجھ محسوس کرتی ہے۔ اگر سائل بائیں طرف بیٹھ کر سوال کرے تو تمہارا سر داہناں جاری ہو تو لڑکا ہوگا۔ اگر تمہارا

Scanned by CamScanner

چندر سر جاری ہو اور سائل کا بھی چندر سر جاری ہو تو لڑکا نہیں ہو گا بلکہ لڑکی ہو گی۔ جس کی عمر دراز ہو گی۔ حمل دختر میں بائیں پہلو پر بوجھ معلوم ہوتا ہے اگر سائل کا دایاں اور تمہارا بایاں سر چلے تو جوڑا پیدا ہو گا۔ اگر سائل بائیں طرف بیٹھ کر سوال کرے تو اس وقت تمہارا بایاں سر چلتا ہو تو بھی لڑکی پیدا ہو گی۔

س :۔ حاملہ بیمار اچھی ہو گی یا نہیں ؟

ج :۔ نام حاملہ و روز سوال کے حروف کے عدد جمع کر کے تین پر تقسیم کریں اگر ایک بچے تو مر جائے دو بچیں تو اچھی ہو جائے تین بچیں تو سخت بیماری کا مقابلہ ہو۔

س :۔ تجارت میں نفع ہو گا یا نقصان ؟

ج :۔ سائل کے نام اور روز سوال کے حروف کے عدد جمع کر کے تین پر تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے تو نفع ہو دو بچیں تو نفع کم۔ تین بچیں تو نقصان کا خطرہ

س :۔ گم شدہ چیز ملے گی یا نہیں ؟

ج :۔ سائل کے نام اور روز سوال کے نام کے حروف جمع کر کے دو پر تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے تو نہ ملے۔ اور اگر دو بچیں تو مل جائے۔

س :۔ فلاں عورت حاملہ ہے یا نہیں ؟

ج :۔ حاملہ کے نام اور روز سوال کے حروف کے عدد جمع کر کے دو پر تقسیم کریں۔ اگر ایک باقی رہے تو حاملہ ہے۔ اور دو بچیں تو حمل نہیں بلکہ کوئی دوسرا مرض ہے۔

س :۔ جس عورت سے میں شادی کر رہا ہوں وہ نیک ہے یا بد ؟

Scanned by CamScanner

ج :۔ عورت و مرد ہر دو کے نام کے حروف کے عدد جمع کر کے تین پر تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے تو بد ہے۔ اگر دو بچیں تو نیک۔ تین بچیں تو اس عورت کا کوئی اور دوست ہے۔

س :۔ میں جس کام کے لئے جا رہا ہوں اس میں فتح ہو گی یا شکست ؟

ج :۔ نام اس کا اور اس روز کے حروف کے عدد نکال کر چار پر تقسیم کریں اگر باقی ایک رہے تو فتح اور دو بچیں تو شکست۔ تین بچیں تو نہ فتح نہ شکست ہو گی۔

س :۔ یہ سفر مبارک ہے یا نہیں۔؟

ج :۔ مسافر اور روز سوال کے حروف کے عدد جمع کر کے تین پر تقسیم کریں اگر ایک بچے تو نقصان اور خطرہ پیش آئے اور دو بچیں تو مبارک اور تین بچیں تو پھر بھی خطرہ ہے۔

س :۔ یہ بیمار کس دن ہوا ؟

ج :۔ بیمار کا نام روز سوال کے حروف کے عدد جمع کر کے سات پر تقسیم کریں۔ ایک بچے تو روز ہفتہ دو بچیں تو اتوار تین بچیں سوموار اور چار بچیں تو منگل، پانچ بچیں تو بدھ، چھ بچیں تو جمعرات اور سات بچیں تو جمعہ۔

س :۔ بیمار اچھا ہو گا یا نہیں ؟

ج :۔ بیمار اور روز سوال کے حروف کے عدد جمع کر کے تین پر تقسیم کریں۔ ایک بچے تو بیماری لمبی ہو گی۔ دو بچیں تو خطرہ ہے اور تین بچیں تو بھی خطرہ ہے۔

Scanned by CamScanner

س :۔ میری عورت حاملہ ہوگی یا نہیں ؟

ج :۔ حاملہ وروز سوال کے عدد جمع کر کے دو پر تقسیم کریں۔ اگر باقی ایک رہے تو حاملہ ہوگی۔ اور دو بچیں تو حاملہ نہیں ہوگی۔

س :۔ میرا لڑکا زندہ رہے گا یا نہیں ؟

ج :۔ سائل کے نام اور روز سوال کے عدد جمع کر کے چار پر تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے تو فرزند مر جائے گا۔ دو بچیں تو زندہ رہے گا۔ اگر تین بچیں تو کوئی زندہ رہیں اور کوئی مر جائیں۔ اور چار بچیں تو کوئی نہ رہے۔

س :۔ فلاں جگہ مکان بنانا اچھا ہے یا نہیں ؟

ج :۔ نام سائل و روز سوال کے حروف کے عدد جمع کر کے چار پر تقسیم کریں ایک بچے تو بناؤ۔ دو بچیں تو بنا لو۔ تین بچیں تو نقصان ہوگا۔ چار بچیں تو دیر کو بنے گا۔

☆☆☆☆☆

Scanned by CamScanner

طلسماتی تنتر

معشوق قربان ہو جائے

اتوار کے دن پکھ نچھتر میں مرغی کا ایک انڈا لاؤ۔ مگر انڈا تازہ ہونا چاہیے اس کے اندر ایک سوراخ کر کے سوراخ کے راستے سفید رطوبت نکالو۔ بعدازاں اس میں اپنی جفرات بھر دو۔ اس کا منہ بند کر کے گھوڑے کی لید میں دبا دو۔ اور اکیس (۲۱) روز بعد نکال کر انڈے کا چھلکا اتار کر پھینک دو اور اندر کی چیز (زردی وغیرہ) خشک کر کے چھوٹی سی شیشی میں حفاظت سے رکھ چھوڑو۔ بوقت ضرورت اسی میں سے ذرا سی دوا لے کر کھانے وغیرہ میں جس کو کھلا دو گے۔ عمر بھر کیلئے غلام بے دام بنا رہے گا۔ اور تمہارے بغیر ایک منٹ نہیں رہ سکے گا۔ سب کچھ تم پہ قربان کر دے گا تجربہ شدہ تنتر ہے۔

محبوب مطیع ہو جائے

اتوار کو جب پکھ نچھتر ہو تو ایک تازہ مرغی کا انڈا لے کر اس کو سوراخ کر کے اس کی سفیدی دور کریں۔ پھر اس میں اپنا آپ سفید بھر دیں۔ پھر اس کا منہ بند کر کے گھوڑے کی لید میں اکیس (۲۱) دن تک دفن کریں۔ اور

Scanned by CamScanner

بعد ازاں نکال کر اس کا چھلکا دور کریں اور بقیہ کو خشک کر کے رکھ دیں اور بوقت ضرورت اس سفوف میں سے تھوڑے محبوب کو کسی چیز میں ڈال کر کھلا دیں وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے مطیع اور فرماں بردار بن جائے ۔ تجربہ شدہ منتر ہے ۔

سب محبت کریں

پکھونچہ ۔ میں مدار یعنی اک کی جڑھ بروز اتوار کو لا دیں ۔ اور اس کو بھیر کے خون تازہ میں خوب حل کریں ۔ اور پھر اس میں سرمہ کا کاجل ملا دیں ۔ اور پھر جو شخص اس کا جل کو آنکھوں میں لگاوے گا ۔ دیکھنے والے سب لوگ زبردست محبت کریں ۔ اگر نزدِ محبوب حصولِ مطلب کے لئے جائے تو مدعا دلی برآوے ۔

دیگر

مغز خرگوش چھ ماشہ پگھلا کر اس میں سے چار جو بھر لیں ۔ اور اس میں مساوی الوزن کافور ملا لیں اور کھائیں ۔ پس جو مرد یا عورت تمہیں دیکھے گی ۔ تمہاری زبردست عزت کرے گی ۔ جو بھی تم کو دیکھے محبت کرے ۔ نزد محبوب جاوے تو طالب وصال ہو ۔

مطلوب عاشق زار ہو جائے

ہفتے کی رات جب ایک گھنٹہ رات گزر جائے تو اکلیل الملک

Scanned by CamScanner

ناخونہ بیس عدد سالم لیکر پانی میں بھگوئیں۔ اور اس وقت کہیں کہ اگلے ہفتہ کی رات تک تمہیں اپنے کام کے واسطے پرورش کرتا ہوں۔ اگلے ہفتہ کی رات کو جاکر ناخونہ کو کسی برتن میں ڈال کر آگ پر جلاؤ۔ بعد ازاں وہ راکھ کسی کھانے کی چیز میں ملاکر مطلوب کو کھلا دو۔ مطلوب عاشق زار ہو جائے

دیگر

کاک جنگھاں بیج۔ کوڑ ان سب کو خوب باریک پیس کر کپڑ چھان کر لیں۔ اور پھر اس میں اپنا آبِ سفید اور خون ملاکر دانہ مسور کے برابر گولیاں بنالیں۔ اور بوقت ضرورت ایک گولی پر درجِ ذیل طلسم اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھ کر کسی چیز میں وہ گولی مطلوب کو کھلا دیں۔ مطلوب عاشق زار ہو جائے بلکہ ہمیشہ مطیع و فرماں بردار رہے۔

دیگر

نوچندے منگل کو اپنے بیسوں ناخن کاٹو پھر اس سے اگلا منگل چھوڑ کر تیسرے منگل کو پھر اپنے ناخن تراشو۔ ان دونوں بار کے ناخن حفاظت سے رکھ چھوڑو اور اگلے چاند کے نوچندے منگل کو جلا کر لوبان اور گوگل کی دھونی پانچ بار دو۔ بعد ازاں کوئی شیرینی لے کر بچوں میں تقسیم کر دیں راکھ کو شیشی میں بحفاظت رکھو۔ بوقت ضرورت مطلوب کو یہ راکھ تھوڑی سی کسی چیز میں ڈال کر کھلا دیں اور محبت کا تماشہ ملاحظہ کریں۔ مطلوب

Scanned by CamScanner

زبردست عاشق زار ہو جائے گا۔

عداوت

اگر سنگِ مرمر کا ٹکڑا جس پر کسی شخص کی تاریخ وفات کندہ ہو۔ تھوڑا گھس کر بغرض جدائی و عداوت دو محبوں کو بلا اصلاع پانی میں پلا دیں تو دونوں میں جدائی اور نا اتفاقی پیدا ہو جائے گی۔

دشمن کو بیمار کرنا

اتوار کو جب پکھ نچھتر ہو۔ اس وقت اندرائن کی جڑ دے کر اس میں مکھا اور سونٹھ اور مرچ ملا کر سب کو کوٹ کر باریک کر کے اسے بکری کے دودھ میں پیس کر گولی بنا لے۔ اور بوقت ضرورت گولی کو دھو کر دے کر دشمن کے سر پہ ڈال دے تو اس کو بڑی شدت کا بخار چڑھ جاوے اور بے ہوش ہو جاوے مگر جب کانجی کے پانی سے غسل کرے تب آرام ہو گا۔

دیگر

نوچندی اتوار کو چھچھوندر مار کر اس کی کھال اتار دے۔ اور جس جگہ دشمن نے پیشاب کیا ہو۔ وہاں کی مٹی لے کر اس کی کھال میں کر منہ اس کا خوب بند کر کے کسی گراں بار پتھر کے نیچے دبا دیوے۔ تو اس کی تاثیر

Scanned by CamScanner

سے وہ شخص بیمار ہو جائے گا اور پیشاب اس کا بند ہو گا۔ جب مٹی کو کھال سے نکال دے گا تب آرام ہو گا۔

آگ پر چلنا

ہاتھ سے آگ اٹھا لینا یا ہاتھ پر آگ رکھنے سے بڑا کمال آگ پر چلنے کا ہے۔ اس تنتر کے ذریعہ تم دنیا کو یہ کمال دکھا کر بھی حیرت زدہ کر سکتے ہو اور اس سے دولت بھی کما سکتے ہو۔ جہاں میلہ تماشہ ہو رہا ہو تم تھوڑی سی زمین کو کسی چیز سے گھیر کر پردہ کر دو اور دروازے پر بورڈ لگا کر کہ اس کے اندر ننگے پاؤں آگ پر چلنے کا کمال دکھایا جا رہا ہے اور ایک آدمی کو مقرر کر دو جو لوگوں کو تماشہ دیکھنے کی ترغیب دلائے۔ اس طرح سینکڑوں آدمی تمہارا تماشہ دیکھیں گے۔ اور تمہیں خاصی آمدنی ہو جائے گی۔ آگ پر چلنے کا تنتر یہ ہے۔

کیلے کی جڑ، بھنگرہ اور مینڈک کی چربی کو ایک برتن میں پیس کر لیپ بنائیے اور اسے پاؤں کے تلوں میں لگا کر آگ پر چلئے آگ سے تلوہ نہ جلے گا۔

آگ ہاتھ میں اور ہاتھ کا نہ جلنا

تھوڑا سا نوشادر پیس کر پانی میں ملاؤ۔ اور پھر اس پانی میں کافور کو گھساؤ۔ اور ہاتھوں پر خوب مل کر خشک ہونے دو۔ پس جب خشک

Scanned by CamScanner

ہو جائے تو ہاتھ میں آگ کی چنگاری اٹھالو۔ ہاتھ نہیں جلے گا اور لوگ حیران رہ جائیں گے۔

کپڑا آگ میں نہ جلے

ایک انڈے کی سفیدی نکال کر اس میں چھ ماشہ پھٹکری پیس کر ملا دو۔ اس کے اندر ایک دو بالشت کپڑے کو لت پت کر خشک کر لو پس اگر یہ کپڑا آگ پر رکھا جائے گا تو ہرگز نہ جلے گا۔ اور دیکھنے والے حیران رہ جائیں گے۔

پانی میں آگ کے شعلے دکھائی دیں

موم کو آگ پر پگھلاؤ اور اس میں ذرا سی رال پسی ہوئی ملا کر اس کے اندر ایک کپڑے کا ٹکڑا تر کر لو۔ پس جب تماشہ دکھانا ہو۔ تو اس کپڑے کی بتی بنا کر روشن کرو۔ اور اس بتی کو پانی کے حوض میں بیچوں بیچ ٹھہرا کر روشن کرو۔ پس جب تک بتی جلتی رہے گی۔ پانی کے اندر شعلہ دکھائی دیتا رہے گا۔ دیکھنے والے ضرور حیرت سے دیکھیں گے۔

ہوا کے ذریعہ آگ پیدا کرنا

اونٹ کی ایک دو مینگنیاں (لید) لا کر سایہ میں خشک کرو۔ بعد ازاں ان کو آگ میں جلا کر شہد میں بجھا کر محفوظ کر لو۔ بہتر ہے کہ شیشی کے اندر رکھو

Scanned by CamScanner

پس جب تماشہ دیکھنا ہو تو اس کو نکال کر تھوڑی دیر ہوا میں رکھ دو ذرا سی دیر میں آگ پیدا ہو جائے گی۔

آدمی کا غائب ہو جانا

یہ بات بہت عجیب و غریب معلوم ہوتی ہے۔ کہ آدمی موجود ہے اور دکھائی نہ دے۔ لیکن حکمت اور تنتر کے ذریعہ نہ کوئی چیز مشکل ہے اور نہ کوئی بات عجیب۔ تم میرے بتائے ہوئے تنتر پر عمل کر کے دنیا کو یہ طلسم دکھا سکتے ہو کہ انسان موجود ہے اور کوئی اسے دیکھ نہ سکے۔

ارنڈی کے تیل الو پرند کی بیٹ حل کر کے اس تیل کا ایک قطرہ جس انسان پر ڈال دو گے وہ لوگوں کو نظر نہ آئے گا۔

طلسمی تیل بنانے کا تنتر

سرسوں کے تیل میں اکوے کا بیج ڈالو اور اس تیل کو سات دن دھوپ دکھا کر حفاظت سے رکھو۔ یہ تیل تمہیں عجیب و غریب طلسم دکھائے گا۔ اگر تم کنول کے بیج کو اس تیل سے تر کر کے تالاب میں ڈال دو گے تو اس سے اسی وقت کنول کا پودا تیار ہو جائے گا۔ اس طرح تم لوگوں کو دیکھتے ہی دیکھتے آم کی گٹھلی زمین میں گاڑھ کر اس سے آم کا پودا اور اس میں آم پھلتا ہوا دکھا سکتے ہو۔ اس طلسمی تیل میں آم کی گٹھلی تر کر کے رکھ چھوڑو۔ اس گٹھلی کو زمین میں گاڑھ کر پانی دے دو گے اس میں اسی وقت پودا نکل آئے گا اور پھول

Scanned by CamScanner

بھی دے گا۔

مچھر مار تیل بنانا

اس تیل کی بکری کرنے سے ہر آدمی اچھی روزی کما سکتا ہے۔ جس جگہ پر مچھر زیادہ ہوتے ہیں۔ اس جگہ پر بکری زیادہ ہوتی ہے۔ اس کو بدن پر لگانے سے بدن پر مچھر کے کاٹنے کا اثر نہیں ہوتا اور نہ ہی بدن پر داغ دھبہ یا خارش ہوتی ہے۔

نسخہ :۔ تیل سرسوں خالص ایک سیر، تیل دلیم سینی تولہ، کافور نصف چھٹانک تارپین کا تیل پاؤ پھر ان سب اشیاء کو ملا کر یک جان کر لیں۔ اور شیشیوں میں بھر کر اس کی بکری کریں۔ حرکت میں برکت ہے۔

مچھر مار پوڈر بنانا

سنگ جراحت یعنی سوپ سٹون کا باریک سفوف آدھ سیر، نشاستہ کا باریک سفوف ساڑھے تین سیر، آئل آف یوکلپس ایک پاؤ۔ تمام اشیاء کو مکس کر کے باریک چھلنی سے چھان کر شیشیوں اور پیکٹوں میں مضبوطی سے بند کر کے لیبل لگا کر پیک کر لیں۔ اس پوڈر کو جسم کے ننگے حصّوں پر لگا دینے سے مچھر نزدیک تک نہیں آتا۔

Scanned by CamScanner

میرے ایلوپیتھک تجربات

میرے ایلوپیتھک تجربات میں بحکم خدا سر سے لے کر پاؤں تک ہر مرض کے لئے تجربہ شدہ دوا نظرِ عام کی جاتی ہے ۔ مقدارِ خوراک ایک ایک گولی دن میں تین بار سادہ پانی کے ساتھ ۔

گرمی دانے اس مرض کے لئے آسٹوکیلشیم گولیاں مفید ہیں ۔ زنگ آکسائڈ، بورک ایسڈ، ٹالک پوڈر ہر ایک ایک اونس اور کیمقرتین ۲ گرین سب کو مکس کر کے پوڈر بنا کر جسم پر چھڑکیں ۔

چھپاکی ان سی ڈال اور فینائلہ مین گولیاں مفید ہیں

پھوڑا پھنسی سیپٹرون گولیاں، سیکلومائی سین گولیاں اور سلفاڈایازین گولیاں مفید ہیں ۔

برص جسے پھلبہری کہتے ہیں ۔ اس کے مریض کو میتھاکسالین گولیاں یعنی میلاڈے نین گولیاں مفید ہیں ۔

چھائیاں ایمونی ایٹڈ مرکری مرہم لگانے کے لئے اور ملٹی وٹامن پلس گولیاں اور ایس کاربیک کھانے کے لئے ہیں ۔

بفا اس مرض میں سر میں اکثر خارش ہوتی ہے ۔ چھوٹے چھوٹے چھلکے بن کر اترتے رہتے ہیں ۔ سیلی سیلیک ایسڈ مرہم لگائیں ۔

Scanned by CamScanner

چنبل اس مرض کے مریض کو بیٹنی لان یعنی بیٹا میتھاسون گولیاں کھلائیں اور فلوکار ٹولون ہیکسا کلورو فین مرہم لگائیں۔

ایکزیمہ بیٹنو ویٹ این کریم لگائیں اور کھانے کے لئے ادرے ویکیا یعنی ڈیکسا میتھاسون گولیاں دیں۔ اسلوکیلشیم گولیاں بھی مفید ہیں۔

دھدّر زنک انڈی سائلکلی سینٹ مرہم یعنی زنک انڈی سینوٹرٹ مرہم لگایا کریں۔

ایلرجی جسم پر خارش، دھپڑ پھینکیں، دل گھنا وغیرہ اس کی علامات ہیں۔ پری ٹان گولیاں اور کورامین گولیاں مفید ہیں۔

ایلرجک زکام چھینکیں آنا، اچانک زکام ہو جانا، ناک میں کھجلی ہونا، پتلا پانی بہنا اس کے بعد زکام کی باقی شکایتیں شروع ہو جاتی ہیں۔ اس مرض کے مریض کو انسی ڈال گولیاں، ایکٹی فڈ گولیاں اور ہسٹریل کیپسول مفید ہیں۔

ناک بند ہونا ویزی لاکس یعنی میتھاکسامین نے زل ڈراپس ہر تین گھنٹے بعد ناک میں ڈالیں۔ بحکم خدا ناک کھل جائے گی۔

زکام اس مرض کے مریض کو ایکٹی فد یعنی ٹرائی پروے ڈین کف گولیاں مفید ہیں۔ رونڈو مائی سین کیپسول یعنی میتھاسائیکلین کیپسول بھی مفید ہیں۔

Scanned by CamScanner

کان بہنا | زنک سلفاس دو گرین ، بورک ایسڈ آٹھ گرین ، اسپرٹ دو ڈرام ، پانی ایک اونس سب کو مکس کر کے رکھیں ۔ کان بہنے کو دور کرنے کے لئے آزمودہ ہے ۔ صبح و شام چند قطرے ڈالیں ۔ اگر کان میں درد ہو تو بائیرینا یا اپٹلی ڈان کھلائیں ۔

موٹاپا | اس مرض کے مریض کو صرف فروٹ سبزیاں پر ہی اکتفا کرنا چاہیے میرا پرانٹ یعنی بیوٹا ٹیلامین کیپسول کم از کم تین ماہ تک مسلسل لیکن ہر روز صرف ایک کیپسول قبل غذا دیں ۔

دیابیطس شکری | اس مرض کے مریض کو شکر اور چاولوں سے قطعی پرہیز کرنا چاہیے ۔ کلورپروپامائیڈ یا گلائی بین کلامائیڈ گولیاں مفید ہیں ۔ غذا میں کریلے اور بیسن استعمال کریں ۔

بدہضمی | بدہضمی کے مریض کے لئے وٹامن بی کمپاؤنڈ گولیاں لبرکس گولیاں اور پینٹوزائم گولیاں مفید ہیں ۔

اپنڈے سائٹس | پیٹ میں درد ، ہلکا بخار ، ناف کا ٹل جانا ، پیٹ پھولنا اور الٹیاں وغیرہ اس مرض کی علامات ہیں ۔ برالجین اور سیپٹرون گولیاں مفید ہیں ۔

ہائی بلڈ پریشر | اس مرض کے مریض کو خون کے دباؤ کی زیادتی ہو جاتی ہے ۔ نمک سے قطعی پرہیز کریں ۔ ایلٹو میٹ یعنی میتھاڈوپا یا لازیکس گولیاں استعمال کرائیں ۔

دل کا حملہ | ایمائنو فائلین گولیاں اور کمپلامین یعنی زینتھی نال

Scanned by CamScanner

گولیاں مفید ہیں ۔ اس مرض کے مریض کو انڈا چکنائی وغیرہ سے قطعی پرہیز کرنا چاہیے ۔

آنکھ دکھنا جنرل پنسلین دو لاکھ کا ٹیکہ لے کر پانچ سی سی دسٹل واٹر ملا کر آنکھوں میں ڈالیں ۔ آنکھوں کی خارش ، لالی زخم اور آنکھ دکھنا کے لئے مفید ہے ۔ آنکھ کے زخم کے لئے ایٹروپین آئی ڈراپس ، کارسپورین آئی مرہم بھی مفید ہے ۔ ایس کا بیک ایسڈ گولیاں اور وٹامن بی کمپاؤنڈ فورٹ گولیاں خوردنی استعمال کے لئے مفید ہیں پالی فیکس آئی مرہم بھی) مفید ہے

گوہا بجنی سلفاڈایازین گولیاں یا کوٹرائی ماکسازول گولیاں مفید ہیں آکسی ٹیٹرا سائیکلین آئی مرہم لگائیں ۔

ککرے سلفا سٹیا مائیڈ آئی ڈراپس آنکھوں میں ڈالیں کارٹی سپورین آئی مرہم لگائیں ۔ گولیاں سلفاڈایازین کم از کم تین ہفتہ کھلائیں ۔ مفید ہیں ۔

خون کی کمی اس مرض کے مریض کے لئے فرسے مال گولیاں یعنی فیرس فیومریٹ گولیاں مفید ہیں ۔ آکسی می تھولون گولیاں بھی مفید ہیں ۔

پیشاب رکنا اس مرض کے مریض کے لئے کیفے ارگٹ یعنی ارگوٹامین کے فین گولیاں اور پروسٹیگمین یعنی نیوسٹیگ مین گولیاں مفید ہیں ۔

Scanned by CamScanner

دردِ گردہ دردِ گردہ میں پیشاب کے ساتھ خون آنا ضروری ہے۔ دردِ گردہ کے دورہ کے وقت پیتھے ڈین ایک سو ملی گرام کا عضلاتی ٹیکہ لگوائیں۔ اس مرض کے مریض کا ایکسرے کروا کر ضرور دیکھیں کہ پتھری کس قسم کی ہے اور پیشاب بھی ٹیسٹ کروائیں۔ پھر بعد کو علاج کریں۔ اس مرض کے مریض کے لئے ایٹروپین گولیاں اور میٹامی زال کمپاؤنڈ گولیاں مفید ہیں۔

یرقان مرض یرقان کے لئے کیلشیم، ڈیکسرڈز ٹیکے اور فیرس گولیاں مفید ہیں۔ ایس کاربیک ایسڈ گولیاں اور روٹڈو مائی سین یعنی میتھا سائیکلین کیپسول بھی مفید ہیں۔

لقوہ اس مرض کے مریض کے لئے بیٹنی لان یعنی بٹیا میتھا سون گولیاں اور آکسی می تھولون گولیاں مفید ہیں۔ بیوٹازولے ڈین گولیاں بھی مفید ہیں۔

پیٹ کے کیڑے اس مرض کے مریض کو رات کو سوتے وقت یومی سان یعنی نکلوسامائیڈ گولیاں چار عدد دیں اور صبح کے وقت سیکنیشیم سلفیٹ کا فروٹ سالٹ جلاب دیں، انٹی پار کا شربت اور گولیاں بھی مفید ہیں۔

میعادی بخار اس کو ٹائیفائیڈ بھی کہتے ہیں۔ پارک ڈیوس کمپنی کے بنے ہوئے کیپسول ہر چھ گھنٹہ کے بعد دو کیپسول دیں۔ مفید ہیں۔

ملیریا بخار یعنی موسمی بخار کے لئے بہترین علاج کونین ہے۔

Scanned by CamScanner

کلورو کوئین گولیاں اور ایموڈیا کوئین گولیاں مفید ہیں۔

پیچش ایکرومائی سین کیپسول اور این ٹائس گولیاں اور ایٹرو وائٹوفارم کیپسول مفید ہیں۔

ہیضہ اس مرض کے مریض کی الٹیاں بند کرنے کے لیے ٹوری کین گولیاں دیں۔ اور پانی کی کمی پوری کرنے کے لیے گلوکوز سیلائین کے لیکہ لگوائیں۔ دست بند کرنے کیلئے فیوراکسن یعنی فیورازولی ڈین گولیاں دیں۔ اور دل گھٹنے کے لئے کورامین دیں۔ کلورومائسٹرپ کیپسول ملیٹرا سائیکلین بھی مفید ہے۔

وبائی زکام اس مرض کے مریض کو اریتھرومائی سین گولیاں دیں۔ کوڈین کمپاونڈ بھی مفید ہے۔

کالی کھانسی یہ مرض بچوں کو عام طور پر لگ جاتی ہے۔ اس مرض کے علاج کے لئے کلورومائی سے ٹین شربت یا گولیاں دیں گرم اس کے ساتھ ساتھ ہو پیچیدگی کیلئے حسب علامات دوائی دیں۔ اس کے ساتھ کھانسی کا مکسچر بھی دیں۔

دست دستوں کو دور کرنے کے لئے فراکسن یعنی فیرازولے ڈین گولیاں سٹرپٹومائی سین کیپسول، سلفاسیکسی دین گولیاں اور ان ٹیمسٹوپین فورٹ کیپسول مستعمل و مفید ہیں

قے آنا قے کو دور کرنے کے لئے ایرومین یعنی پرومیتھازین تھیوکلیٹ گولیاں، لارجیکٹل گولیاں اور ڈرامامین گولیاں مستعمل و مفید ہیں

Scanned by CamScanner

دمہ اس مرض کو دور کرنے کے لیے بروڈان گولیاں، سال بیوٹامال یعنی وینٹولین گولیاں، کولی ڈیل گولیاں، ماریکس گولیاں اور اورلے ڈیکسان یعنی ڈیکامیتھاسون گولیاں بھی مستعمل ہیں۔ نیوایپی نین یعنی آکسوپرنیالین گولیاں بھی مفید ہیں۔ ایک گولی زبان کے نیچے رکھیں سانس درست ہو جائے گا۔

پاگل پن لارجیکٹل گولیاں یعنی کلورپرومازین گولیاں اور نیولیکٹل گولیاں مفید ہیں۔

وردسر اس نسخہ کے ذریعہ بحکم خدا سر درد صرف دو منٹ میں شرطیہ دور ہو جاتی ہے۔ دارچینی ڈھائی رتی، فینٹیین دو رتی، کیفین سائٹراس تین رتی۔ ان کا سفوف کر کے پانی سے پھانکو۔ فوراً درد دور ہو جائے گا مگر تین چار روز ضرور کھلائیں۔

سیلی سیلامائیڈ گولیاں یعنی میلی ڈان گولیاں۔ کوڈوپائرین گولیاں مفید ہیں۔

مرگی اس مرض کو دور کرنے کے لیے فینوبارباٹون گولیاں مفید ہیں۔ یعنی ٹائین شربت یعنی ڈائی سین ٹین بھی مفید ہے۔ اس کے علاوہ ٹیگری ٹول گولیاں، پیراڈائی اون یعنی پیریتھاڈائی اون کیپسول بھی اس مرض کے علاج کے لیے مستعمل ہیں

رعشہ اس مریض کو بینزہیکسال گولیاں یعنی آرٹین گولیاں یا کیماڈرین گولیاں یعنی پروسائی کلی ڈین گولیاں دیں۔

Scanned by CamScanner

اس مرض کو دور کرنے کے لئے کوجین ٹین گولیاں یعنی بینز ٹروپین گولیاں لیوڈوپاں گولیاں اور ڈیسی پال گولیاں بھی مستعمل ہیں۔

عرق النساء اس بیماری کے مریض کو بیوٹا زولے ڈین گولیاں یعنی فینائل بیوٹازون گولیاں استعمال کرائیں۔

اس مرض کے علاج کے لئے بیوٹالجین گولیاں پریڈنی سولون اور وٹامن بی کمپاؤنڈ فورٹ گولیاں مستعمل ہیں۔

دردِ شقیقہ یعنی آدھے سر کا درد دور کرنے کے لئے سٹے مے ٹل گولیاں یعنی پروکلوسپیرازین گولیاں مفید ہیں۔ اس مرض کے علاج کے لئے کیفے ارگٹ یعنی ارگوٹامین کے فین گولیاں بھی مستعمل ہیں۔

بے خوابی بے خوابی یعنی نیند نہ آنا یہ بھی ایک مرض ہے۔ اس مرض کو دور کرنے کے لئے بیوٹا باربی ٹون گولیاں یعنی سونریل گولیاں مفید ہیں۔

لیبریم گولیاں اور ڈوری ڈین گولیاں بھی اس مرض کے علاج میں مستعمل ہیں۔

دل کا درد دور کرنے کیلئے کلوفائی بریٹ کیپسول یعنی ایٹرومیڈرین کیپسول مفید ہیں۔ پیری ٹریٹ گولیاں بھی اس مرض کو دور کرنے کیلئے مستعمل ہیں۔

زکام اس زکام کی علامات انفلونزا سے ملتی ہیں۔ اس مرض کو دور کرنے کے لئے پری ٹان گولیاں اور وٹامن اے ڈی کیپسول مفید ہیں۔ کوڈو پائرین گولیاں، سلفا ڈایازین گولیاں بھی اس مرض کو دور کرنے کیلئے مستعمل ہیں۔

Scanned by CamScanner

متفرق طلسمات

طلسم برائے استقرارِ حمل

اس طلسم کی اجازت حضرت خواجہ حفیظ اللہ مرحوم مغفور بڑیلا شریف ضلع گوجرانوالہ سے ملی ہے۔ یہ ایک خاص الخاص طلسم ہے۔ جس عورت کو حمل نہ رہتا ہو۔ پاک صاف ہو کر اصولی طور پر اس طلسم کو لکھے اور اپنے گلے میں ڈال لے یا بازو پر باندھ لیوے اور اس کا شوہر ہمبستر ہو بحکم خدا حمل قائم ہو جائے گا۔ طلسم یہ ہے۔

الٰہی بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام بحق ثمودہ ھذا الحامل حمل قرار فرمائید۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۃ ھو ھو ھو اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ حی حی حی حی حی حی قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

اور درج ذیل یونانی نسخہ بھی کامیاب ہے۔ اور حمل قائم کرنے کے لیے بے حد مفید ہے۔

Scanned by CamScanner

افیون دو رتی ، زعفران دو ماشہ ، جائفل دو ماشہ ، برگ بھنگ چار ماشہ
سپاری چھ عدد ، قرنفل آٹھ عدد ، مشک خالص دو رتی ۔ سب ادویہ کوٹ
چھان کر پانی کے ہمراہ چنے برابر گولیاں بنائیں ۔ ایام ماہواری سے فارغ ہونے
کے بعد سات یوم تک روزانہ رات کو ایک گولی ہمراہ دودھ استعمال کریں۔
حمل قائم کرنے کیلئے بے حد مفید ہے ۔

عمل تسخیر جنّات

یہ عمل بھی بڑیلا شریف والوں کی طرف سے عطیہ میں ملا ہوا ہے ۔ اگر اس
عمل کو صحیح و درست طریقہ سے اور دل کو مضبوط و قوی رکھ کر کیا جاوے تو
بحکم خدا کوئی وجہ نہیں کہ کامیابی نہ ہو مگر نقصان کے ہم ہرگز ذمہ دار نہ ہوں
گے لہٰذا اس کو سوچ سمجھ کر کیا جاوے ۔ ہم ہر طرح سے بری الذمہ ہوں گے ۔
ہر طرح سے صحیح عمل ہے ۔

ترکیب اس عمل کی یوں ہے کہ ایک ماہ بیس دن تک اول و آخر گیارہ
گیارہ بار درود شریف اور چالیس مرتبہ سورت مزمل شریف پڑھیں ۔ مکان
بالکل تنہا ہو ۔ خوشبو لگا دیں کپڑے بالکل پاک صاف ہوں ۔ نماز کی پابندی
ضروری ہے ۔ وقت ایک مقرر کیا جاوے ۔ آخری دن چار اشخاص حاضر
ہوں گے اور باادب جھک کر سلام کریں گے ۔ آپ نے نہایت خوش
مزاجی سے انہیں کہنا کہ میں آپ سے دوستی رکھنا چاہتا ہوں ۔ جب کام
پڑے گا آپ کو طلب کر لیا کروں گا ۔ ان کی شکلیں خوفناک ہوں گی اور

Scanned by CamScanner

دورانِ عمل ڈراتے دھمکاتے رہیں گے۔ اگر عامل ڈر گیا تو پھر جان کی خیر نہ ہوگی اگر نہ ڈرا تو پھر تابع ہو جائیں گے۔ اور آپ کا ہر حکم بلا چون وچرا تسلیم کیا کریں گے یعنی آپ کے ہر حکم کے آگے سرِ تسلیم خم کریں گے۔

گمشدہ چیز کا سراغ لگانا

جب کوئی چیز کھو جائے اور اس کا حال دریافت کرنا چاہیں تو یہ طلسم کاغذ پر لکھ کر مٹی کے نئے چراغ میں کڑوا تیل ڈال کر جلائیں۔ اور طلسم روئی میں لپیٹ کر اس کی بتی روشن کریں۔ نو دس برس کی لڑکی یا لڑکے کو چراغ کے سامنے بٹھائیں اور ہدائت کریں کہ وہ چراغ کی بتی کی طرف غور سے دیکھتا رہے پس جب اسے کوئی غیر معمولی چیز نظر آوے تو اس سے گمشدہ چیز کے متعلق سوالات کریں اور جن لوگوں پر اڑائے جانے کا شبہ ہو ان کا نام لیں۔ پس وہ چیز کا درست پتہ بتائے گا۔

طلسم یہ ہے

۷۸۶

۱۹ ق	۲۲ م	۲۵ م	۱۲ ا
۲۴ ی	۱۳ م	۱۸ ا	۱۳ ج
۱۴ ط	۲۷ ص	۱۰ ل	۱۷ د
۲۱ ا	۱۶ ک	۱۵ د	۲۶ ر

Scanned by CamScanner

طلسم برائے ہر حاجت

یہ طلسم ہر حاجت کے لئے تیرِ بہدف ہے۔ ساعتِ سعید میں حسبِ ذیل طلسم لکھ کر اپنے پاس جو شخص رکھے گا۔ بحکم خدا اس کی تمام مشکلات دور ہو جائیں گی۔ تجربہ شدہ ہے۔ طلسم یہ ہے۔

۷۸۶

۵۲۹۱۳	۵۲۹۱۶	۵۲۹۱۹	۵۳۹۱۵
۵۳۹۱۸	۵۳۹۰۶	۵۳۹۱۲	۵۲۹۱۷
۵۲۹۰۷	۵۳۹۲۱	۵۲۹۱۴	۵۲۹۱۱
۵۲۹۱۵	۵۳۹۱۰	۵۲۹۰۸	۵۲۹۲۰

طلسم برائے حُبّ

عروج ماہ میں پنجشنبہ کو حسب ذیل طلسم تحریر کر کے مسجد یا کسی بے آباد جگہ میں دبا دو۔ محبوب آتشِ عشق سے بیتاب ہو کر تمہارے پاس کھچا ہوا چلا آئے گا۔ تجربہ

Scanned by CamScanner

منتر دافع جادو

جادو کا اثر دور کرنے کے لئے عجیب و غریب منتر ہے۔ بروز منگلوار کریہ کی آنکھ نگینہ میں ڈال کر انگوٹھی ہاتھ میں پہن لیں۔ بحکم خدا کسی بھی طرح کا جادو دور ہو جاتا۔ اور آئندہ کبھی جادو کا اثر نہ ہوگا۔ نہایت مفید منتر دافع جادو ہے اسی طرح خرگوش کی شتالنگ کی ہڈی میں بھی یہ خاصیت ہے کہ اس کو جو شخص اپنے پاس رکھے گا۔ بحکم خدا اس پر ہرگز جادو کا اثر نہ ہوگا۔

دشمن سے بدلہ لینے کا حیرت انگیز طلسم

بروز ہفتہ بعد دوپہر کو تقریباً ایک بجے دن کے بلی کی مونچھ کا ایک بال کاٹ لو اور مرغ یا کسی چھوٹے سے پرند کا ایک پر بازو کا لے لو۔ اگر ایک دشمن کے واسطے کر رہے ہو تو اس کا نام معہ والدہ کے کاغذ پر لکھو مگر سیاہ روشنائی سے اور بال و پر دونوں اس کاغذ میں رکھ کر اس پر تین سو تیرہ مرتبہ پڑھو۔ فَجَعَلْهُمْ كَعَصْفٍ مَّأْكُولٍ۔ بسم اللہ شریف نہ پڑھو۔ بعد ختم اس پر پھونک کر کسی ویرانے یا قبرستان میں دفن کر دو۔ اگر دو شخصوں کے درمیان جدائی مقصود ہے تو دونوں کے نام کاغذ پر معہ والدہ کے لکھو۔ بحکم خدا دوسرے ہفتہ تک حال معلوم ہوگا۔ صرف ایک دن کا عمل ہے۔

دیگر:۔ اتوار کو پچھ نچھتر میں جنگل سے ایک جنگلی کی جڑ سمیت اکھاڑ لاویں۔ اور اس کے ہموزن پیپل، زنجبیل، کالی مرچ ڈال کر سب کو خوب باریک کرے۔ اور بکری

کے دودھ میں حل کر کے گولیاں بنا کر ان کو گوگل اور لوبان کی دھونی دے کر رکھ چھوڑے اور بوقت ضرورت ایک گولی دھوپ دے کر اور اس کو توڑ کر جس دشمن کے سر پر ڈالے وہ چوبیس (۲۴) گھنٹے کے اندر اندر بخار میں مبتلا ہو جائے گا۔

کالا مرہم

یہ ایک ایسی لاجواب مرہم ہے۔ جس کے آگے بڑی بڑی دلائی مرہمیں بھی ہیچ نظر آتی ہیں۔ پھوڑے پھنسیوں کو ٹھیک کرنے میں اس کا ثانی نہیں ہے۔ اس سے تجارت کر کے خوب روپیہ کمایا جا سکتا ہے۔ یہ پھوڑے کے اندر سے تمام گندہ مواد نکال کر پھوڑے کو جلد ہی مندمل کرتا ہے۔ اور پھوڑے سے تب تک نہیں اترتا جب تک پھوڑا ٹھیک نہیں ہو جاتا۔

اس کا نسخہ یہ ہے۔ میٹھا تیل نصف پاؤ، نہایت اعلیٰ قسم کا سندھور ایک چھٹانک، نیلا تھوتھا ڈیڑھ ماشہ۔ اس کے تیار کرنے کی ترکیب یوں ہے کہ میٹھا تیل لے کر اسے کسی لوہے کی کڑاہی میں گرم کریں۔ جب اچھی طرح گرم ہو جائے تب اس میں نیلا تھوتھا پیس کر ملا دیں۔ اس سے جھاگ سی آجائے گی جب جھاگ آنی بند ہو جائے تو اس میں سندھور ڈال دیں۔ اور کسی لوہے یا لکڑی کی ڈنڈی سے ہلاتے جائیں۔ جب سندھور کا رنگ سیاہ ہو جائے اور تیل تار چھوڑنے لگے۔ اتار کر ٹھنڈا کر لیں۔ اگر تجارت کرنا چاہو تو چھوٹی چھوٹی ڈبیوں میں بھر کر اور خوبصورت لیبل لگا کر فروخت کریں۔

Scanned by CamScanner

طلسم واپسی گریختہ

یہ بڑیلا شریف والوں کا عطیہ ہے اور مجرب ہے۔ اگر کوئی گم ہو جائے تو مندرجہ ذیل طلسم لکھ کر کسی جاری پانی میں ڈال دو۔ اگر قریب میں جاری پانی نہ ہو تو کسی اونچے درخت پر باندھ دو۔ بحکمِ خدا گمشدہ واپس آجائے گا۔ یا کم سے کم خبر ضرور ملے گی۔ طلسم یہ ہے۔



طلسم فراخیٔ رزق

جو شخص اس طلسم کو لکھ کر ہمیشہ اپنے پاس رکھے گا۔ بحکم خدا اس کو رزق کی بے حد فراخی ہوگی مگر حالت نجاست میں اس کو علیحدہ کر لینا چاہیے۔ یہ طلسم بے حد مؤثر اور تجربہ شدہ ہے۔

طلسم اگلے صفحہ پر ہے

Scanned by CamScanner

۷۸۶

۷۸۳	۷۷۸	۷۸۵
۷۸۴	۷ ۸۲	۷۸۰
۷۷۹	۷۸۶	۷۸۱

بجاہِ حبیبک یا اللہ

طلسم برائے گرفتن چور

یہ طلسم چور کو پکڑنے کے لئے نہایت مفید ہے۔ طریق یوں ہے کہ چاول پکاؤ اور ان میں اس طلسم کو لکھ کر رکھ دو۔ پھر وہ چاول مشتبہ افراد کو کھلاؤ۔ وہ شخص جس کے حلق سے نوالہ نہ اترے گا اور وہ نہ کھا سکے گا چور ہوگا

طلسم



یہ ہے

Scanned by CamScanner

क़ानूने मुबाशरत

विवाहित जीवन

इंद्रजाल

हमराज़ पब्लिशर्ज़

गली गड़हिया- कूचा चेलान- दरियागंज- नई दिल्ली-२

Rs. 27/-

Scanned by CamScanner